آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 18 ربیع الثانی 1448 جمعرات یکم اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 173

پاکستان IMF کے شکنجے میں: حکومت کی IMF کو ایندھن بوجھ عوام پر منتقل کرنے کی یقین دہانی

آئی ایم ایف نے پاکستان پر مالیاتی استحکام یقینی بنانے اور توانائی کے شعبے میں بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کو کم کرنے کے لیے مسلسل اقدامات پر دباؤ بھی دیا ہے

متبادل ذرائع سے آمدن حاصل کرنے کے طریقے تلاش کرنے کی ضرورت پر بھی توجہ دلائی' موجودہ حکومت کو مستقل بنیادوں پر موثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

بلاول بھٹو زرداری سے اہم سیاسی وحکومتی شخصیات کی ملاقاتیں

سندھ کی سیاسی وانتظامی صورتحال، حکومتی امور اور مختلف محکموں کی کارکردگی پر تبادلہ خیال

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

درآمدی پرانی گاڑیوں کی جانچ، وفاقی کابینہ کے اجلاس کی تفصیلات طلب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

مہنگائی کا نیا طوفان' تیل وگیس کی مزید قلت کا خدشہ

تین تجارتی بحری جہاز نامعلوم سمت سے آنے والے گولہ حملوں کی زد میں آئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



وزیراعظم شہباز شریف عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں اسحاق ڈار و ایاز صادق بھی ہمراہ ہیں

26 نومبر احتجاج: PTI رہنماؤں کے وارنٹ جاری

عوامی چندہ مہم جاری' پی ٹی آئی کے 4 اکتوبر مارچ کیلئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا کنٹینر تیار' پی ٹی آئی کے مطابق مذکورہ کنٹینر 4 اکتوبر کو اسلام آباد جانے کے لیے بنایا گیا ہے

1.6 ارب روپے کی لاگت سے 90 روز میں مکمل ہونے والے حیات آباد ٹول پلازہ انڈر پاس کا افتتاح کرنے پہنچے، اس منصوبے کی مجموعی لمبائی 500 میٹر طویل ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

مصطفیٰ کمال: جعلی ادویات کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا

جعلی ادویات کے خاتمے سے معیاری فارماسیوٹیکل صنعت کی ساکھ مزید مضبوط ہوگی، وزیر صحت

ون ہیلتھ کے اصول کے تحت ویٹرنری ادویات کے موثر ضابطے اور نگرانی کو یقینی بنانا ہوگا، خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

غم سے نڈھال اہل خانہ لاشوں کے منتظر: قزاقوں کی قید میں 3 پاکستانی جاں بحق

5 ماہ سے احتجاج کرتے رہے، حکومت ہمارے پیاروں کو زندہ نہ لا سکی، اب میتیں ہی وطن واپس لائی جائیں، اہلخانہ

شہباز انکل، میرے بابا کی سالگرہ ہے، مجھے ان کے ساتھ سالگرہ منانی ہے، میرے بابا کو واپس لے آئیں، بیٹی کی اپیل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

احتجاج جمہوری حق ہے: قانون ہاتھ میں لینے کی کسی کو اجازت نہیں، شرجیل میمن

صحافی اور سیاسی جماعتیں جمہوریت پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آزادی صحافت اور صحافیوں کی فلاح کیلئے کردار ادا کیا' شرجیل میمن کی کراچی پریس کلب آمد

صحافی اور سیاسی جماعتیں جمہوریت کی گاڑی کے دو پہیے ہیں، دونوں ساتھ چلیں گے تو جمہوریت مضبوط ہوگی' صحافیوں کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

ہمارے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں: پاک چین دوستی نے ہر امتحان کا سامنا کیا ہے، وزیراعظم

صدر شی جن پنگ کی قیادت میں چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے، شہباز شریف

عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے، چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

ڈیری فارمز کی دودھ 300 فی لیٹر کرنے کی دھمکی

درخواستوں اور ملاقاتوں کے باوجود نوٹیفکیشن جاری کرنے کے بجائے نئی تاریخیں دی جا رہی ہیں، شبیر ڈار

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے چارے، ٹرانسپورٹ اور ایندھن کے اخراجات بڑھ گئے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



ڈیفنس فیز 8 خیابان ساحل پر کار سے ایک شخص کی ملنے والی لاش کی پولیس کی جانب سے جائے وقوعہ پر انکوائری کی جا رہی ہے

چلڈرن ہسپتال نارتھ کراچی: 500 ملازمین پر بیروزگاری کی تلوار لٹک گئی

ملازمین کو فارغ کرنے سے مریض بچوں کے علاج کا تسلسل متاثر ہونے کا خدشہ، حکومت واضح لائحہ عمل بنائے

ملازمین کو مستقل کرنے یا ان کے معاہدوں میں توسیع کے معاملے پر فوری غور کیا جائے، ینگ نرسز و ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

سندھ کابینہ کا اجلاس (آج) طلب، 15 نکاتی ایجنڈے پر غور ہوگا

وزیراعلیٰ سندھ کی زیر صدارت اجلاس میں اہم انتظامی امور اور مختلف محکموں کی سمریاں زیر غور آئیں گی

سیلز ٹیکس رولز میں بڑی ترمیم: خلاف ورزی کرنیوالے کاروبار ایف بی آر کے ریڈار پر

خفیہ اطلاع پر چھاپہ انتہائی مطلوب ٹی ٹی پی دہشت گرد گرفتار، دستی بم برآمد

دہشت گرد کا نام خیبر پختونخوا کی جانب سے شائع کردہ ریڈ بک کے تیسرے ایڈیشن میں شامل ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

قرضوں کے بوجھ تلے دبی قوم کے لیے حکومت نے مزید قرض لینے کا منصوبہ تیار کر لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

شہید کاشف عمر کی میت وطن لانے کا مطالبہ

وزیراعظم اور وزارت خارجہ ہنگامی سفارتی اقدامات کریں، چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کا اعلان

پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق یکم اکتوبر 2026 کے لیے ہوگا، نوٹیفکیشن



فریئر مارکیٹ میں گٹر ابل رہے ہیں جو کہ انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے



ناظم آباد کے بلاک A میں تجاوزات کو مسمار کیا جا رہا ہے

محسن نقوی: مسافروں کو امیگریشن میں سہولت فراہم کی جائے

کراچی ایئرپورٹ پر مسافروں کی طویل قطاریں ختم، وزیر داخلہ کا اظہار اطمینان' جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کا دورہ، امیگریشن کے عمل کا جائزہ

نامکمل یا غیر تصدیق شدہ سفری دستاویزات کے حامل مسافروں کو ہرگز سفر کی اجازت نہ دی جائے' ڈپٹی ڈائریکٹر کی کارکردگی کو خصوصی سراہا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

گورنر سندھ سے آسٹریا کے اعزازی قونصل جنرل کی ملاقات

پاک آسٹریا تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسٹیل صنعت کیلئے بجلی پر سیلز ٹیکس کی شرح مزید سخت

ری رولرز بجلی کے ہر یونٹ پر 30 روپے سیلز ٹیکس دیں گے، ایف بی آر کا نوٹیفکیشن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

کاٹن ایکسچینج عمارت حوالگی تنازع، توہین عدالت کی درخواست پر سماعت

عدالتی حکم کے باوجود وزیر نے عمارت کا افتتاح کیا، انور منصور، فیصلہ چیلنج کیا تو توہین عدالت کیسے بنتی ہے؟ عدالت

درگاہ لعل شہباز قلندر کے منیجر اوقاف عہدے سے ہٹا دیے گئے

عمرہ کی آڑ میں آسٹریلیا جانے کی کوشش، 3 مسافر آف لوڈ

کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی، بحرین اور پلاؤ کے ویزے برآمد

تینوں مسافر مزید تفتیش کیلئے ایف آئی اے کے حوالے کر دیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

اقلیتی سہولت ڈیسک کے ضلعی فوکل پرسنز کا ماہانہ جائزہ اجلاس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

خواتین کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو مزید موثر بنایا جائے' شاہینہ شیر علی

ہنرمندی کے کورسز میں وسعت، فلاحی اداروں اور این جی اوز سے تعاون بڑھانے کی ہدایت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

ریسکیو 1122 ملازمین کی تنخواہوں میں 7 فیصد اضافے کی منظوری

اس وقت 149 گاڑیوں اور ایک ہزار 723 اہلکاروں کے ذریعے خدمات فراہم کی جا رہی ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

برنس روڈ ٹاؤن میں انتظامی یونٹ کے قیام سے متعلق اجلاس

عوامی مسائل کا حل، بہتر انتظامی نظام اور عوامی شعور کی بیداری ترجیح ہے، ایم کیو ایم پاکستان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38



سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن کراچی پریس کلب کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں، پریس کلب کے صدر فاضل جمیلی اور سیکریٹری اسلم خان بھی موجود ہیں

اطلاعات ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

وزیراعظم کا یو این جنرل اسمبلی سے خطاب

پاکستان کے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ، ایران امریکا جنگ، کشمیر، فلسطین اور دیگر عالمی ایشوز پر بڑی مدلل اور سیر حاصل گفتگو کی ہے، ایران امریکا جنگ کے تناظر میں وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسلام آباد مذاکرات پاکستان کی عملی امن کاوشوں کا مظہر ہیں، پاکستان نے محاذ آرائی کے بجائے مکالمے، جنگ کے بجائے امن کا راستہ اختیار کیا۔ انھوں نے واضح کیا کہ عالمی اعتماد کی بحالی اور پائیدار امن کے لیے مشرق وسطیٰ، کشمیر اور فلسطین سمیت تنازعات کا منصفانہ حل ضروری ہے، انھوں نے مطالبہ کیا کہ لبنان اور شام پر اسرائیلی جارحیت بند کی جائے، دہشت گردی اور اسلاموفوبیا کے خاتمے، معاشی ترقی، موسمیاتی انصاف اور اقوام متحدہ میں منصفانہ اصلاحات کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں۔ وزیراعظم پاکستان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ قرآن پاک کا پیغام امن ہمارے لیے مشعل راہ ہے، حرمین شریفین پر حملہ ریڈ لائن ہے۔ ادھر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے امریکی میڈیا کو انٹرویو میں کہا ہے کہ ایران امن کا خواہاں ہے اور جنگ جاری نہیں رکھنا چاہتا، اب جنگ کے خاتمے کا فیصلہ امریکا کو کرنا ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ ادھر میڈیا نے یہ خبر بھی دی ہے کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر نیویارک میں سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل سے اہم ملاقات کی ہے۔ اطلاعات کے مطابق دونوں نے مصافحہ کیا اور بیٹھ کر باہمی اور علاقائی امور پر گفتگو کی۔ سعودی عرب پر حوثیوں پر حملے کے تناظر میں اس ملاقات کی اہمیت بڑھ گئی۔ تاحال اس ملاقات کی تفصیلات ظاہر نہیں کی گئی ہیں تاہم دونوں جانب سے مثبت اشارے ملے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تہران نے ثالثوں کے ذریعے امریکا کو جنگ کے خاتمے، آبنائے ہرمز کھولنے اور ایٹمی پروگرام پر جامع مذاکرات کے لیے 7 روزہ پلان پیش کر دیا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق نیویارک میں امریکا اور ایران کے مذاکرات کار جنگ سے مرحلہ وار نکلنے کے ممکنہ معاہدے پر غور کر رہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے لیے معاملات کافی آگے بڑھ چکے ہیں جب کہ سعودی عرب اور ایران کے مابین بھی معاملات بہتر ہونے کے امکانات ظاہر ہوئے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان نے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر جو کچھ کہا ہے وہ انتہائی اہم اور بروقت بھی ہے اور اس میں بہت کچھ سچ بیانی ہے جسے امریکا، ایران اور دیگر اقوام نے تسلیم بھی کیا ہے۔ رواں سال فروری میں ایران پر امریکا اور اسرائیل نے حملہ کیا تھا۔ اس وجہ سے خلیج فارس اور مشرق وسطیٰ پر جنگ کے بادل چھا گئے تھے۔ یہ انتہائی نازک حالات تھے۔

یکم اکتوبر 1948: پاکستان کی اپنی کرنسی کا تاریخی آغاز


تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان کے قیام کے بعد نئی مملکت کو جن بنیادی چیلنجز کا سامنا تھا، ان میں اپنا مالیاتی اور کرنسی کا نظام قائم کرنا بھی شامل تھا۔ آزادی کے فوراً بعد عبوری طور پر برطانوی ہندوستان کے کرنسی نوٹ استعمال کیے گئے، جن پر حکومت پاکستان کی مہر اور عبارت ثبت کرکے انہیں ملک میں قابل استعمال بنایا گیا۔ یہ انتظام ایک عارضی ضرورت تھی کیونکہ ایک آزاد اور خودمختار ریاست کے لیے اپنی شناخت رکھنے والی کرنسی کا اجرا نہایت اہم سمجھا جاتا تھا۔ چنانچہ یکم اکتوبر 1948 پاکستان کی مالیاتی تاریخ میں ایک یادگار دن بن گیا، جب ملک کے اپنے مخصوص ڈیزائن والے کرنسی نوٹ عوامی استعمال کے لیے جاری کیے گئے۔

یکم اکتوبر 1948 کو ابتدائی طور پر 5 روپے، 10 روپے اور 100 روپے کے نوٹ جاری کیے گئے۔ ان نوٹوں کی تیاری برطانیہ کی معروف فرم تھامس ڈی لا رو اینڈ کمپنی نے کی تھی۔ یہ نوٹ محض لین دین کا ذریعہ نہیں تھے بلکہ ایک نئی ریاست کی مالیاتی خودمختاری اور قومی شناخت کی علامت بھی تھے۔ پاکستان ابھی قیام کے ابتدائی مرحلے میں تھا اور انتظامی، معاشی اور دفاعی شعبوں میں ایک نئے نظام کی بنیاد رکھی جارہی تھی۔ ایسے ماحول میں اپنی کرنسی کا اجرا اس بات کا عملی اظہار تھا کہ پاکستان اپنے مالیاتی معاملات کو ایک منظم اور خودمختار نظام کے تحت آگے بڑھانے کی سمت میں قدم اٹھا چکا ہے۔

اس تاریخی پیش رفت کا کراچی سے بھی گہرا تعلق تھا۔ یکم جولائی 1948 کو کراچی میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح قائداعظم محمد علی جناح نے کیا تھا۔ مرکزی بینک کے قیام نے پاکستان کے مالیاتی نظام کو ایک باقاعدہ ادارہ جاتی بنیاد فراہم کی اور کرنسی کے اجرا سمیت اہم ذمہ داریاں اس کے دائرہ کار میں آ گئیں۔ ستمبر 1948 میں جاری کیے گئے ایک سرکاری اعلان کے مطابق یکم اکتوبر سے 5، 10 اور 100 روپے کے حکومت پاکستان کے نوٹ اسٹیٹ بینک کے کراچی، لاہور اور ڈھاکہ کے دفاتر سے جاری کیے جانے تھے۔ یوں کراچی، جو اس وقت پاکستان کا دارالحکومت بھی تھا، ملک کے ابتدائی مالیاتی ڈھانچے کا ایک اہم مرکز بن گیا۔

یکم اکتوبر 1948 کا دن اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ یہ پاکستان کے ابتدائی قومی سفر میں خودانحصاری کی طرف ایک نمایاں قدم تھا۔ اپنی کرنسی کسی بھی خودمختار ریاست کی معاشی شناخت کا بنیادی حصہ ہوتی ہے اور پاکستان نے قیام کے صرف ایک سال بعد اس شعبے میں اپنی واضح شناخت قائم کرنا شروع کردی۔ اس وقت جاری ہونے والے نوٹ آج تاریخی اور قومی ورثے کی حیثیت رکھتے ہیں، کیونکہ ان میں ایک نئے ملک کی ابتدائی مالیاتی تاریخ محفوظ ہے۔ کراچی میں قائم ہونے والے اسٹیٹ بینک اور ملک کے مخصوص کرنسی نوٹوں کا اجرا اس دور کی ان کوششوں کی یاد دلاتا ہے جن کے ذریعے پاکستان نے ایک نئی ریاست سے ایک منظم اور خودمختار ملک کی طرف اپنا سفر شروع کیا۔

عالمی یوم بزرگاں: احترام، محبت اور ذمہ داری کا تقاضا


تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

ہر سال یکم اکتوبر کو عالمی یوم بزرگاں منایا جاتا ہے، جس کا مقصد معاشرے میں عمر رسیدہ افراد کے حقوق، عزت، وقار اور فلاح و بہبود کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ بزرگ افراد کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں کیونکہ ان کی زندگی کا طویل تجربہ، مشاہدہ اور دانائی آنے والی نسلوں کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بنتی ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ جسمانی صلاحیتیں کم ہوسکتی ہیں، لیکن زندگی کے تجربات اور انسانی بصیرت کی اہمیت کم نہیں ہوتی۔ اس دن ہمیں یہ احساس دلایا جاتا ہے کہ بڑھتی عمر کسی فرد کو معاشرے سے الگ کرنے کا سبب نہیں بلکہ اس کے تجربے سے فائدہ اٹھانے کا موقع ہے۔ بزرگوں کے ساتھ عزت اور محبت کا رویہ ایک مہذب اور ذمہ دار معاشرے کی علامت ہے۔

جدید دور میں خاندانی نظام، روزگار کی مصروفیات اور معاشرتی تبدیلیوں کے باعث بعض بزرگ افراد تنہائی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کئی لوگ اپنی اولاد اور خاندان کے درمیان رہتے ہوئے بھی توجہ، گفتگو اور جذباتی وابستگی سے محروم محسوس کرتے ہیں۔ عمر رسیدہ افراد کو صرف مالی مدد ہی نہیں بلکہ وقت، محبت، احترام اور اپنائیت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ ان کی بات سننا، ان کے ساتھ وقت گزارنا اور ان کی ضروریات کو سمجھنا ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے۔ بزرگوں کی صحت کے لیے مناسب طبی سہولیات، ادویات، متوازن غذا اور محفوظ رہائشی ماحول بھی ضروری ہیں تاکہ وہ اپنی زندگی کے اس مرحلے کو اطمینان اور وقار کے ساتھ گزار سکیں۔

پاکستانی معاشرے میں بزرگوں کا احترام ہماری تہذیبی اور خاندانی روایات کا اہم حصہ رہا ہے۔ والدین اور خاندان کے بزرگوں کی خدمت کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے، تاہم بدلتے ہوئے حالات میں اس روایت کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت، سماجی اداروں اور خاندانوں کو مل کر ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے عمر رسیدہ افراد کو صحت، سماجی تحفظ، مناسب رہائش اور ضروری سہولیات میسر آسکیں۔ بزرگ افراد کو معاشرے کے فعال حصے کے طور پر شامل کرنا بھی ضروری ہے۔ ان کے تجربات کو تعلیم، تربیت، مشاورت اور مختلف سماجی سرگرمیوں میں بروئے کار لا کر نئی نسل اور بزرگوں کے درمیان ایک مثبت تعلق قائم کیا جاسکتا ہے۔

عالمی یوم بزرگاں دراصل ہمیں اپنی ذمہ داری یاد دلانے کا دن ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ آج کے بزرگ بھی اسی معاشرے کی تعمیر میں سرگرم کردار ادا کرنے والے نوجوان تھے، جنہوں نے اپنے خاندانوں، اداروں اور ملک کے لیے اپنی زندگی کا بڑا حصہ وقف کیا۔ وقت ہر انسان کو بڑھاپے کی طرف لے جاتا ہے، اس لیے بزرگوں کا احترام دراصل اپنے مستقبل کا احترام بھی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے گھروں میں موجود بزرگوں کو بوجھ سمجھنے کے بجائے محبت، عزت اور تحفظ فراہم کریں، ان کی بات سنیں اور انہیں معاشرے میں باوقار مقام دیں۔ ایک ایسا معاشرہ جہاں بزرگ محفوظ، مطمئن اور باعزت زندگی گزار سکیں، درحقیقت وہی معاشرہ انسانی اقدار، ہمدردی اور اجتماعی ذمہ داری کی حقیقی مثال بن سکتا ہے۔

ملک میں وائرل بیماریوں کی بڑھتی صورتحال اور احتیاط کی ضرورت


تحریر: ڈاکٹر ایم آئی درانی
سینئر تجزیہ کار

ملک کے مختلف علاقوں میں ان دنوں بخار، نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خرابی، جسم میں درد اور عمومی کمزوری کی شکایات کے ساتھ مریضوں کی تعداد میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ بدلتے موسم کے دوران ایسی علامات مختلف اقسام کے وائرل انفیکشنز کی وجہ سے ظاہر ہوسکتی ہیں، جن میں موسمی فلو اور دیگر سانس کی بیماریاں شامل ہیں۔ بعض حلقوں میں کورونا وائرس کے دوبارہ پھیلاؤ کے حوالے سے بھی تشویش پائی جاتی ہے، تاہم موجودہ صورتحال میں ملک بھر میں کورونا کی کسی بڑی نئی لہر کی واضح تصدیق سامنے نہیں آئی۔ طبی ماہرین کے مطابق صرف علامات کی بنیاد پر کورونا، فلو یا کسی دوسرے وائرس میں فرق کرنا مشکل ہوتا ہے، اس لیے غیر ضروری خوف کے بجائے احتیاط اور بروقت تشخیص کو اہمیت دینا ضروری ہے۔

پاکستان میں موسمی انفلوئنزا سمیت سانس کی بیماریوں کے حوالے سے صحت کے حکام کی جانب سے احتیاطی ہدایات بھی جاری کی جاتی رہی ہیں۔ خاص طور پر ہجوم والی جگہوں پر زیادہ وقت گزارنے، بیمار افراد کے قریب رہنے اور مناسب احتیاط نہ کرنے سے وائرس ایک شخص سے دوسرے شخص تک منتقل ہوسکتا ہے۔ بخار، مسلسل کھانسی، گلے میں درد، ناک بہنا، جسم میں شدید درد اور تھکن جیسی علامات ظاہر ہونے پر متاثرہ شخص کو آرام کرنا، مناسب مقدار میں پانی پینا اور دوسروں سے غیر ضروری میل جول کم کرنا چاہیے۔ بزرگ افراد، چھوٹے بچوں اور پہلے سے کسی بیماری کا شکار افراد کے لیے اضافی احتیاط ضروری ہے کیونکہ ان میں بعض انفیکشنز زیادہ شدت اختیار کرسکتے ہیں۔

دوسری جانب ملک کے مختلف علاقوں میں ڈینگی اور ملیریا جیسے مچھروں سے پھیلنے والے امراض بھی موجود ہیں، اس لیے ہر بخار کو محض عام نزلہ یا کورونا سمجھنا درست نہیں۔ ڈینگی میں تیز بخار، شدید جسم درد، سر درد، آنکھوں کے پیچھے درد اور بعض اوقات جسم پر سرخ دھبے ظاہر ہوسکتے ہیں، جبکہ ملیریا میں بخار کے ساتھ کپکپی اور پسینہ آنے کی شکایت ہوسکتی ہے۔ ایسی علامات کی صورت میں خود سے اینٹی بائیوٹک یا دوسری ادویات استعمال کرنے کے بجائے ڈاکٹر سے مشورہ اور ضرورت کے مطابق ٹیسٹ کرانا بہتر ہے۔ خاص طور پر بخار مسلسل رہے یا حالت بگڑتی محسوس ہو تو طبی معائنہ مؤخر نہیں کرنا چاہیے۔

موجودہ حالات میں عوام کے لیے سب سے اہم پیغام یہ ہے کہ بیماری کے بارے میں افواہوں کے بجائے مستند طبی معلومات پر اعتماد کیا جائے اور بنیادی حفاظتی اصول اپنائے جائیں۔ ہاتھوں کی صفائی، کھانستے یا چھینکتے وقت منہ اور ناک ڈھانپنا، بیمار ہونے کی صورت میں آرام کرنا اور ضرورت پڑنے پر ماسک استعمال کرنا بیماریوں کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں مددگار ہوسکتا ہے۔ اگر بخار کے ساتھ سانس لینے میں دشواری، سینے میں درد، شدید کمزوری، مسلسل قے، بے ہوشی یا خون بہنے جیسی علامات ظاہر ہوں تو فوری طبی امداد حاصل کی جائے۔ کورونا سمیت مختلف وائرل بیماریوں کی علامات ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہوسکتی ہیں، اس لیے بروقت تشخیص، ذمہ دارانہ رویہ اور احتیاط ہی موجودہ صورتحال سے نمٹنے کا بہتر راستہ ہے۔

پاک فوج کے بغیر دہشتگردی جیسے سنگین چیلنج سے نمٹنا ممکن نہیں، موتی والا

پاک فوج کیخلاف اشتعال انگیزی کرنے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کیخلاف کارروائی کی جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین و بانی عام آدمی پاکستان ایاز میمن موتی والا نے ... پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ دہشت گردی جیسے سنگین مسئلے ...

ملک تاریخ کی بدترین دور سے گزر رہا ہے۔ حاشر عمر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی اورنگی ٹاؤن یوسی 6 کے چیئرمین حاشر عمر ...

نیک بندوں کی صحبت عطر فروش کی مانند ہے، علامہ الیاس قادری

غیبت، چغلی اور جھوٹ اس قدر عام ہوچکے کہ یہ عمل کرنے والے کو احساس ہی نہیں ہوتا کہ وہ گناہ کر چکا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر اہل سنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ ... برے لوگوں کی صحبت انسان کو برباد کر دیتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی مدنی مرکز فیضان ...

پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ پیر شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اورنگی ٹاؤن ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین پیر شاہ صاحب نے اورنگی ٹاؤن کے ...

دشمن ہمارے اتحاد کو پارہ پارہ کرنا چاہتا ہے لیکن قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ شبیر خان

... قربانیاں دے کر وطن عزیز کا دفاع کیا انہوں نے کہا کہ پاک فوج، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں نے ملک میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، پوری قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے۔ آج پاکستان میں جو امن ہے وہ ہماری سکیورٹی فورسز کی مرہون منت ہے۔


چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام یتیم خانہ میرا گھر المصطفیٰ (یتیم خانہ) کا افتتاح کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالرحیم، الیاس میمن، احمد رضا طیب، فرحان اشرفی، جاوید حمزہ دیگر موجود ہیں


غربت کے خاتمے کیلئے اقوام متحدہ کے ادارے یونیڈو اور یورپی یونین کے تعاون سے نوجوان کاروباری افراد کیلئے منعقدہ بوٹ اسٹریپ کیمپ میں شرکا کا اظہار خیال کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ نے میرا گھر المصطفیٰ (یتیم خانہ) کا افتتاح کردیا

المصطفیٰ مائی ہوم گرلز محض عمارت نہیں، امید تحفظ اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، سید یوسف رضا گیلانی

ہم تعلیم اور صحت سمیت زندگی کے مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں، حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق وزیراعظم پاکستان اور چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ...

حکومت پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کرنے کا اعلان کرے۔ عبدالستار تنولی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیاسی اور سماجی رہنما عبدالستار تنولی نے روزانہ کی بنیاد پر پیٹرول کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ ...

تیمور احمد کا ٹریکی کی اسکور ڈسٹرکٹ بلدیہ کا دورہ، میئر دنادار ضیاء تحسین سے ملاقات

دینی مدارس اسلام کے قلعے اور روشن مینار ہیں۔ مفتی اعظم پاکستان مفتی منیب الرحمٰن

حضرت سیدنا غوث الاعظم اقلیم ولایت کے سلطان ہیں۔ مفتی محمد جان نعیمی مجددی

مرکزی سالانہ محفل گیارہویں شریف وجلسہ دستار فضیلت دارالعلوم حنفیہ خیر المعاد جیکس کالونی سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی سالانہ محفل گیارہویں شریف وجلسہ دستار فضیلت دارالعلوم حنفیہ خیر المعاد جیکس کالونی کراچی میں منعقد ہوا جس سے مفتی اعظم پاکستان مفکر اسلام حضرت علامہ مفتی منیب الرحمٰن ...

سندھ حکومت کی عوامی خدمات پیپلز پارٹی کے مخالفین کو ہضم نہیں ہورہی۔ فہیم بہاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یوسی 28 سیکٹر کا رکن فہیم بہاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی سندھ ...

غم کی اس گھڑی میں نثار کھوڑو اور سوگوار خاندان کیساتھ ہیں، جمیل ضیا

جمیل ضیا کی پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو سے ملاقات، سالے کے انتقال پر تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی پی پی رہنما اورنگی ٹاؤن کے چیئرمین حاجی محمد جمیل ضیا نے پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو سے ملاقات کی اور ان کے سالے کے انتقال پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تعزیت کی۔ ...

پانی نایاب بن گیا جو عوام کے ساتھ سراسر زیادتی ہے۔ جاوید حسین انصاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن ڈسٹرکٹ ویسٹ کے نائب صدر پی ایس 121 کے چیف آرگنائزر جاوید حسین انصاری نے ...


پاکستان لوئرز پارٹی کے سالانہ تقریب کے موقع پر فوٹو

پاکستانی قوم کے بچے بچے کو افواج پاکستان کی قربانی پر ناز ہے۔ جنید شیخ

جب بھی ضرورت پڑے گی تو ملک کی حفاظت کے لیے پوری قوم متحد ہو کر دشمن ممالک کو جواب دے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان لوئرز پارٹی کے ...

ملک کے موجودہ حالات انتہائی تشویشناک ہیں، جمیل خان

پاکستان قبائل موومنٹ ملک میں امن، انصاف اور عوام کے حقوق کی بحالی کے لیے جدوجہد کر رہی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان قبائل موومنٹ سندھ کے سینئر نائب صدر جمیل خان نے کہا ہے کہ ...

ملک بھر کے عوام بلاول بھٹو کی قیادت میں متحد ہیں۔ علی افسر تنولی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما علی افسر تنولی نے کہا ہے کہ ...

صحت مند خواتین مضبوط معاشرے کی بنیادی ضمانت ہیں، بشمسہ مہ جبین

شبنم ظفر خیر پور چیمبر کی بلامقابلہ صدر منتخب، کھجور کی ایکسپورٹ بڑھانے کا عزم

اجلاس میں سینئر نائب صدر محمد عادل، نائب صدر رابعہ، بشیر آرائیں، ساجد میر، ساجد آرائیں کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف بزنس وومن شبنم ظفر خیر پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی بلامقابلہ صدر منتخب ہوگئیں ...

مہان پاکستان فاؤنڈیشن غریب اور بے روزگار نوجوانوں کو ہنر سکھا کر باعزت روزگار فراہم کر رہی ہے۔ محمد نعیم اقبال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہان پاکستان فاؤنڈیشن کے جنرل سیکرٹری محمد نعیم اقبال نے کہا کہ فاؤنڈیشن غریب، مستحق اور ضرورت مند افراد کو آسان روزگار کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انتھک جدوجہد میں کوشاں ہے ...





بقیہ نمبر 01 اطلاعات

ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ان شاءاللہ اسے کراچی آرٹس کونسل کی مانند شعراء ادباء اور فنون لطیفہ سے وابستہ کیا جائے۔اس سلسلے میں حلقہ حکام اور کمشنر حیدرآباد سے ملاقاتیں جاری ہیں،انہوں نے مزید کہا کہ مہران آرٹس کونسل کی تزئین وآرائش کے ساتھ آرٹس کی تربیت کی کلاسسز کو باقاعدہ یہاں شروع کیا جائے گا اور میری اولین ترجیح ہوگی یہاں پر موجود لائبریری کو وہ مقام دوں جو کہ طلباء وطالبات کے لیے باعث فخر ہو،اس موقع پر وفد کی جانب سے غلام محمد مہدی کو سندھ کا روایتی تحفہ اجرک وپھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

احمد کھتہ۔جان محمد بلوچ۔حاجی علی احمد جوکھیو۔اور نظریب خان ۔مرتضی یار محمد دیگر عہدیدران حاجی منظور بلوچ۔ملک عبدالوھاب خان۔رسول خان سواتی۔ستار ملیر جوکھیو۔حسن بلوچ۔عبدالستار بہت۔منیر ایوب بلوچ۔رستم شاہزیب۔طارق جان۔دل جان مروت۔شان جوکھیو کی شرکت اجلاس میں پیپلز پارٹی ملیر کے تنظیمی معاملات اور کارکنان کے مسائل کے حل پر غور کیا گیا اجلاس میں بلوچستان کے ایم پی اے کی جانب سے پیپلز پارٹی ملیر کے ایم این اے سردار جام عبدالکریم کے خلاف غلط زبان استعمال کرنے اور الزامات کے خلاف قرارداد پیش کی گئی قرارداد میں پیپلز پارٹی ملیر کی تمام قیادت نے ایم این اے سردار جام عبدالکریم کا بھرپور ساتھ دینے اور بلوچستان کے ایم پی اے سے جام عبدالکریم کے خلاف غلط الزامات لگانے پر معافی کا مطالبہ کیا گیا۔سردار جام عبدالکریم کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے کی جتنی بھی مذمت کی جائی وہ کم ہے۔قائم مقام صدر پیپلز پارٹی ملیر عدیل اختر شیخ نے کہا کہ ایم پی اے کو ملیر کے معاملات میں مداخلت کا کوئی حق نہیں۔ملیر کی تمام برادریاں اور قومیں متحد ہیں اور پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں۔عدیل اختر شیخ اجلاس میں ایم این ایز۔ایم پی ایز۔ٹاون چیئرمین کی متعلق بھی قرارداد پیش کی گئی۔جس میں ایم این ایز۔ایم پی ایز اور ٹاون چیئرمین کو پابند کیا گیا کے وہ تنظیم کے ماتحت ہیں۔انکو کارکنان کی عزت اور عوامی مسائل حل کرنے پڑینگے۔اپنے حلقے میں جب جائینگے تو تنظیم کو یوسی سطح تک اعتماد میں لینگے۔کارکنان کو عزت دینے کیلئے تنظیم اپنا کام کرتی رہے گی۔ورکروں کو عزت دینا ہم پر لازم ہے۔جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی ملیر امداد جوکھیو ایم این ایز۔ایم پی ایز۔ٹاون چیئرمین اپنی ترقیاتی منصوبوں پر تنظیم کے یوسی اور یونٹ کو عہدیدران کو اعتماد میں لیں گے۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

علاقہ بگ ملیر ،اساتذہ،مریضوں اور دیگر شہریوں کو بھی آمدورفت میں سہولت میسر آئے گی۔بہتر سڑکیں شہری زندگی میں آسانی پیدا کرنے کے ساتھ علاقے کی مجموعی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔چیئرمین گلبرگ ٹاون نصرت اللہ نے مزید کہا کہ ٹاون انتظامیہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کو آگے بڑھا رہی ہے۔ان منصوبوں میں معیار تعمیر کو مدنظر رکھتے ہوئے شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گلبرگ ٹاون کے مختلف بلاکس میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی بلدیاتی سہولیات میسر آسکیں۔انہوں نے کہا کہ شہری علاقوں کی بہتری کے لیے ضروری ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کو منظم انداز میں مکمل کیا جائے اور عوامی ضروریات کو ترجیح دی جائے۔گلبرگ ٹاون انتظامیہ اسی مقصد کے تحت سڑکوں کی تعمیر و استرکاری سمیت دیگر بلدیاتی امور پر توجہ دے رہی ہے۔اس موقع پر ان کے ہمراہ یوسی 2 کے چیئرمین فیصل شیخ یوسی 1 کے چیئرمین عاصم محمودی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

ایس فاؤنڈیشن کی جانب سے جو کہ پاکستان میں مساجد کی تعمیر و ترقی پر کام کر رہی ہیں فاؤنڈیشن کی جانب سے مسجد تعمیر کرنے کی درخواست پر جگہ فراہم کرنے سے متعلق اہم قرارداد پیش کی گئیں،جنہیں ارکان کونسل نے متفقہ طور پر منظور کرلیا۔جبکہ برنس روڈ فوڈ اسٹریٹ کے قیام کی قرارداد جو پچھلے اجلاس میں پیش کی گئی تھی جس کے بعد چیئرمین صدر ٹاون منصور احمد شیخ نے معاملے کا جائزہ لینے کے لیے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی کمیٹی میں صدر ٹاون کے وائس چیئرمین عبدالرحمن سوتی ،وائلا ممبر کونسل منیر گدی اور محترمہ عائشہ شیخ شامل تھیں اس کمیٹی نے تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اپنی رپورٹ چیئرمین صدر ٹاون منصور احمد شیخ کو پیش کی جس کی سفارشات کی روشنی میں فوڈ اسٹریٹ کے قیام کی قرارداد آج کے اجلاس میں پیش کی گئی جسے ارکین کونسل نے متفقہ طور پر منظور کرلیا۔اجلاس میں SMS فاؤنڈیشن کی جانب سے مسجد کی تعمیر کے لیے جگہ فراہم کرنے کی درخواست بھی پیش کی گئی فاؤنڈیشن نے موقف اختیار کیا کہ محمد بن قاسم روڈ نیوز روڈ میں واقع صدر ٹاون کا دفتر موجود ہے جہاں وہ مسجد تعمیر کیا جا رہا ہے جہاں دفتر کے ملازمین اور علاقے کے مکینوں کے لیے نماز کی ادائیگی کی غرض سے مسجد کی ضرورت ہے درخواست پر غور کرتے ہوئے ارکان کونسل نے صدر ٹاون کے دفتر کی حدود میں مسجد کی تعمیر کے لیے مناسب جگہ فراہم کرنے کی قرارداد بھی متفقہ طور پر منظور کرلی۔چیئرمین صدر ٹاون منصور احمد شیخ نے کہا کہ برنس روڈ کراچی کی تاریخی شناخت اور معروف فوڈ اسٹریٹ ہے،اسے منظم فوڈ اسٹریٹ کی شکل دینے سے علاقے کی خوبصورتی اور شہریوں کو سہولیات میں اضافہ ہوگا،جبکہ مسجد کی تعمیر کے لیے بھی ضابطے کے مطابق ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

قونصل جنرل چارلس گڈمین اور ان کے وفد کا خیر مقدم کیا۔ملاقات میں پاکستان کے بحری شعبے،کراچی پورٹ کی ترقی اور اقتصادی و تجارتی تعاون کے فروغ کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین KPT ریئر ایڈمرل (ریٹائرڈ) شاہد احمد نے وفد کو کراچی پورٹ کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ،مصنوعی ذہانت سے لیس لینڈ ٹیکنالوجی پورٹ میں تبدیل کرنے اور اسے ایک مسابقتی علاقائی ٹرانزٹ و لاجسٹک ہب کے طور پر ترقی دینے کے وژن سے آگاہ کیا۔انہوں نے ریکارڈ کارگو کارکردگی،عالمی سطح پر بہتر پوزیشن اور لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی میں اضافے پر بھی روشنی ڈالی۔ملاقات میں ڈریجنگ اور پورٹ کی استعداد میں اضافے،ڈیجیٹلائزیشن،گرین پورٹ ڈیولپمنٹ،بنکرنگ سروسز اور امارات پورٹ آپریشنز سمیت اہم اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔چیئرمین نے بتایا کہ گزشتہ چند ماہ کے دوران KPT اور اس کے ٹرمینل آپریٹرز نے پورٹ کے بنیادی ڈھانچے،آلات اور آپریشنل صلاحیتوں میں نمایاں سرمایہ کاری کی ہے۔چیئرمین KPT شاہد احمد نے زیر تعمیر 140 ایکڑ میرین بزنس ڈسٹرکٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع کے ساتھ ساتھ امریکی منڈی میں پاکستانی آموں کی برآمدات بڑھانے کے لیے USDA-APHIS سے منظور شدہ فائٹوسینیٹری ٹریٹمنٹ اور اسٹوریج سہولیات کے ممکنہ قیام کو بھی اجاگر کیا۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

حاصل کرنے کے الزامات بھی سامنے آئے ہیں،جس نے یونیورسٹی کے امتحانی اور داخلہ نظام پر سنجیدہ سوالات اٹھا دیے ہیں۔دوسری جانب سندھ یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے معاملے کی تحقیقات کے لیے قائم کی گئی تحقیقاتی کمیٹی پر بااثر افراد کی جانب سے مبینہ دباؤ ڈالے جانے کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ذرائع کے مطابق کمیٹی کو دو ہفتوں کے اندر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی تھی،تاہم مبینہ طور پر مدت گزرنے کے باوجود تحقیقاتی رپورٹ مکمل نہیں ہوسکی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ معاملے کی شفاف تحقیقات مکمل کر کے ذمہ دار افراد کا تعین کیا جائے اور اگر بے ضابطگیاں ثابت ہوں تو قانون اور متعلقہ قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔واضح رہے کہ مذکورہ الزامات کی آزادانہ تصدیق تاحال نہیں ہوسکی،جبکہ سندھ یونیورسٹی انتظامیہ یا متعلقہ حکام کا باضابطہ موقف سامنے آنے پر اسے بھی خبر کا حصہ بنایا جانا چاہیے

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

اے کو اس وقت مختلف چیلنجز کا سامنا ہے،لیکن ان مسائل کا حل ہم سب کی مشترکہ کوششوں سے ممکن ہے۔دنیا کا اصول ہے کہ اگر بنیادی 20 فیصد معاملات درست کر دیے جائیں تو ان کے اثرات 80 فیصد کارآمد ہوتے ہیں۔اسی طرح ادارے میں چھوٹی چھوٹی بہتریاں بڑے مثبت نتائج کا باعث بن سکتی ہیں۔وقت کی پابندی،صفائی،نظم وضبط اور اپنے ماحول کا خیال رکھنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ہمارا ادارہ ہماری پہچان اور ہماری محنت کا عکس ہے،اس لیے ہمیں اس کے ماحول اور وقار کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ڈی جی کے ڈی اے زین العابدین انصاری نے مزید کہا کہ دنیا میں تبدیلی ایک مستقل عمل ہے اور ادارے بھی اسی اصول کے تحت چلتے ہیں۔اگر ہم کے ڈی اے کو مضبوط بنانے،بہتر نظام قائم کرنے اور مسلسل محنت کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے تو ادارہ بھی ترقی کرتا رہے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ میری کوشش ہے کہ مسائل پر صرف سوال اٹھانے کے بجائے یہ دیکھا جائے کہ کام کس طریقے سے ہو رہا ہے،اس کا درست طریقہ کیا ہونا چاہیے اور مطلوبہ نتیجہ کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ہمیں فرد کے بجائے نظام،طریقہ کار اور نتائج پر توجہ دینی ہے۔ڈی جی کے ڈی اے کہا کہ آج اسی مقصد کے لئے ہم جمع ہوئے اور یہ عزم کرکے اٹھے کہ ہم ادارے،شہر اور پاکستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

مطالبہ کیا ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

جاری کیا گیا،جس کی رقم بعد ازاں ادا کردی گئی دستاویز کے مطابق مذکورہ صارف کا میٹر نمبر 2898021529 جبکہ کنزیومر نمبر 27-37182-0001133 ہے۔حیسکو حکام کے مطابق چیکنگ کے دوران سامنے آنے والی بے ضابطگی پر متعلقہ ضابطے کے تحت ڈیٹیکشن بل عائد کیا گیا۔اس موقع پر ایس ای سرکل ون عقیل نورسمن نے کہا کہ حیسکو میں بجلی چوری کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔بجلی چوری کرتے ہوئے پکڑے جانے والے افراد کو ڈیٹیکشن بل کی ادائیگی کے ساتھ ایف آئی آر اور قانونی کارروائی کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔انہوں نے صارفین سے اپیل کی کہ بجلی چوری سے گریز کریں اور اپنے بجلی کے بل بروقت ادا کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ بقایاجات ادا نہ کرنے والے صارفین کے خلاف بھی مخلصانہ کارروائی کرتے ہوئے کنکشن منقطع کیے جائیں گے۔بجلی چوری اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف حیسکو کی چیکنگ اور کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

حوالے سے اہم سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹی سی ایف نہ صرف ان اسکولوں کو نئے سرے سے تعمیر اور بہتر بنائے گی بلکہ لیاری کے مستحق بچوں کو مفت تعلیم بھی فراہم کرے گی،اس اقدام سے علاقے کے بچوں کو معیاری تعلیمی ماحول میسر آئے گا اور والدین پر تعلیمی اخراجات کا بوجھ بھی کم ہوگا۔میئر کراچی نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیادی وجہ ہے اور لیاری میں تعلیم کے شعبے میں یہ اقدام علاقے کے عوام کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ حکومت بلدیاتی اداروں اور فلاحی اداروں کے باہمی تعاون سے شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔لیاری کے بچوں کو معیاری اور مفت تعلیم کی فراہمی مستقبل کی نسلوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ لیاری کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی مزید اقدامات کیے جائیں گے تاکہ علاقے کی مجموعی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

اوقاف کے مطابق انتظامی امور کی بہتری کے لیے سید محمد علی شاہ کو نیا منیجر اوقاف مقرر کیا گیا ہے،جنہوں نے عہدے کا چارج سنبھال کر ذمہ داریاں شروع کردی ہیں۔محکمے کے اعلیٰ حکام نے نئے منیجر اوقاف کو خصوصی ہدایات جاری کرتے ہوئے میڈیا سے وابستہ صحافیوں کے ساتھ بہتر اور مثبت تعلقات قائم رکھنے پر زور دیا ہے۔محکمہ اوقاف کے حکام کے مطابق متعلقہ اداروں میں موجود کمیوں اور خامیوں کی نشاندہی کرنا ہے،جنہیں دور کرنا متعلقہ محکمے کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

تحت 6 اضلاع میں تقریباً ایک لاکھ بچوں کو تعلیم سے جوڑنا اہم پیش رفت ہے۔سید سردار علی شاہ نے کہا کہ نان فارمل ایجوکیشن غیر رسمی ضرور ہے تاہم اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے۔ایک ہزار مجلس کی تعلیم ایک ہزار فیسلیٹیٹرز کو بااختیار بنانے اور اتنے ہی تعلیمی مراکز کو مضبوط کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل مجلس کے ذریعے فیسلیٹیٹرز سے براہ راست رابطے،طلبہ کی حاضری اور دیگر تعلیمی امور کی نگرانی میں مدد ملے گی جبکہ دور دراز علاقوں کے مراکز میں بچوں کو تدریسی سرگرمیوں کے لیے ڈیجیٹل سہولت بھی میسر آئے گی۔صوبائی وزیر نے کہا کہ ٹیکنالوجی کو مقصد نہیں بلکہ ہر بچے تک تعلیم پہنچانے اور نان فارمل ایجوکیشن مراکز کو بہتر بنانے کا ذریعہ بنایا جارہا ہے۔فیسلیٹیٹرز مجلس کو طلبہ کی شمولیت،تدریس اور تعلیمی نتائج بہتر بنانے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ اسکول سے باہر بچوں کا مسئلہ صرف سندھ کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے،تاہم سندھ حکومت اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔نان فارمل ایجوکیشن مراکز کے قیام میں سماجی تنظیموں،کمیونٹی بیسڈ آرگنائزیشنز اور دیگر شراکت داروں کا تعاون حاصل ہے۔جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی پاکستان کی تعلیم وخواندگی سے متعلق منصوبے کی چیف ایڈوائزر چیتو او ہاشی نے کہا کہ ایک ہزار ڈیجیٹل مجلس فیسلیٹیٹرز کو تدریس،طلبہ کے ریکارڈ،رابطہ کاری اور نگرانی میں معاونت فراہم کریں گے۔ڈائریکٹر نان فارمل ایجوکیشن عبدالجبار مری نے بتایا کہ ڈیجیٹل آلات کے ذریعے طلبہ کی حاضری اور تعلیمی ریکارڈ بروقت محفوظ اور اپ ڈیٹ کیا جا سکے گا۔نان فارمل ایجوکیشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے طلبہ اور مراکز سے متعلق معلومات کی نگرانی بھی بہتر ہوگی۔انہوں نے کہا کہ نان فارمل سینٹر میں آنے والے ہر بچے کو نادرا کا ب فارم حاصل کرنے میں مدد فراہم کی جاتی ہے اور سینٹر میں داخل ہر بچہ ریکارڈ کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

سائنسز جامشورو کے آؤٹ سورس کا جائزہ لیا گیا۔چیئرمین پی اے سی نثار کھوڑو نے یونیورسٹی انتظامیہ سے ہاسٹلز کی تعداد دریافت کی،وائس چانسلر ڈاکٹر اکرام دین نے بتایا کہ لمس میں طلبہ وطالبات کیلئے 8 ہاسٹلز ہیں،ہر ہاسٹل میں تقریباً 250 طلبہ رہائش پذیر ہیں۔نثار کھوڑو نے جامعات کے میس اور کینٹین میں کھانے کے معیار کی جانچ سے متعلق سوال کیا،جس پر وائس چانسلر نے بتایا کہ سندھ فوڈ اتھارٹی کینٹین میں کھانے کا معیار چیک کرتی ہے۔چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ اگر کینٹین اور میس میں کھانے کا معیار بہتر ہے تو فوڈ اتھارٹی کا سرٹیفکیٹ پیش کیا جائے۔پی اے سی نے سندھ فوڈ اتھارٹی کو صوبے کی تمام سرکاری نجی جامعات کی کینٹین اور میس میں کھانے کے معیار کی جانچ کر کے 2 ماہ میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی۔اجلاس میں لمس کے 69 بنگلوز اور کوارٹرز پر غیر مجاز افراد کے قبضے سے متعلق آڈٹ اعتراض کا بھی جائزہ لیا گیا۔وائس چانسلر نے بتایا کہ 32 گھروں اور کوارٹرز میں لمس اسپتال کے مجاز ملازمین رہائش پذیر ہیں اور ان سے ماہانہ کرایہ وصول کیا جاتا ہے،جبکہ 12 گھروں پر ریٹائرڈ اور دیگر ملازمین نے سندھ ہائی کورٹ سے حکم امتناع حاصل کر رکھا ہے اور معاملہ 3 سال سے عدالت میں زیر سماعت ہے۔انہوں نے بتایا کہ دیگر گھروں اور کوارٹرز کو خالی کرانے کیلئے ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی جامشورو کو خطوط لکھے گئے ہیں۔پی اے سی نے غیر مجاز قابضین سے لمس یونیورسٹی کے گھروں اور کوارٹرز کو خالی کرانے کیلئے ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی جامشورو کو ضروری کارروائی کی ہدایت کردی۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

وطن واپس لانے،زخمی پاکستانیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور ان کی بحفاظت واپسی کے لیے فوری اقدامات کرے۔سندھ میں ایم ڈی کیٹ 2026 کے امتحانی انتظامات اور نتائج پر بھی شدید تحفظات ہیں،کراچی کے طلبہ کے ساتھ ناانصافی اور بدانتظامی ناقابل قبول ہے۔ایم ڈی کیٹ کے پورے عمل کی آزادانہ تحقیقات کے لیے بااختیار انکوائری کمیٹی تشکیل دی جائے اور امتحانی انتظامات،نتائج اور میرٹ لسٹ کا شفاف فرانزک جائزہ لیا جائے۔وفاقی وزیر صحت مصطفی کمال اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو بتائیں کہ کراچی کے طلبہ کو درپیش مسائل اور ایم ڈی کیٹ کے نتائج پر وفاقی وصوبائی حکومت نے کیا اقدامات کیے ہیں۔سندھ حکومت نے تعلیمی بورڈز کے نظام کو کمزور کر کے ٹیسٹنگ ایجنسیز کے ذریعے امتحانات کا نظام قائم کیا ہے،جس کے باعث طلبہ اور والدین کو مسلسل مشکلات کا سامنا ہے۔جماعت اسلامی کراچی متاثرہ طلبہ کی رہنمائی اور مسائل کے حل کے لیے ہیلپ ڈیسک کی ایک کیمپ قائم کرے گی۔شہر کے مختلف علاقوں میں 18،18 گھنٹے تک بجلی کی بندش سے شہریوں کی زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بجلی چوری کرنے والے چند فیصد افراد کی سزا پورے شہر کو نہیں دی جاسکتی۔کراچی میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے،کے الیکٹرک کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے اور شہریوں کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔جماعت اسلامی کی حق دو کراچی تحریک جاری ہے،جبکہ پیٹرولیم لیوی کے خلاف بھی احتجاجی مہم جاری ہے۔شہر بھر میں کیمپ لگائے جارہے ہیں اور شہریوں سے دستخط لیے جارہے ہیں۔جماعت اسلامی کراچی کے شہریوں کے حقوق سے دستبردار نہیں ہوگی۔پریس کانفرنس میں جماعت اسلامی کراچی کے سیکریٹری اطلاعات زاہد عسکری،سیکریٹری ضلع قائدین نعمان حمید بھی موجود تھے۔منعم ظفر خان نے کہا کہ 21 اپریل کو صومالی قزاقوں نے بحری جہاز اغوا کیا تھا،اس میں 10 پاکستانی شہری سوار تھے۔29 ستمبر کو صومالیہ اور پنٹ لینڈ میری ٹائم پولیس فورس کے آپریشن کے دوران قزاقوں نے فائرنگ کی،جس کے نتیجے میں پانچ افراد ہلاک ہوئے،جن میں تین پاکستانی شامل ہیں،جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے۔دستیاب اطلاعات کے مطابق شہید پاکستانیوں میں کاشف عمر،محمود انصاری اور رفیع اللہ شامل ہیں۔شہید ہونے والے تینوں پاکستانیوں کا تعلق کراچی سے تھا اور ان کے اہل خانہ گزشتہ کئی ماہ سے اپنے پیاروں کی رہائی کے لیے مختلف فورمز پر آواز اٹھاتے رہے۔خاندانوں نے احتجاج اور دھرنے بھی دیے،جبکہ ستمبر کے اوائل میں متاثرہ خاندانوں کے افراد نے وزارت خارجہ کے رابطہ دفتر کے باہر بھی احتجاج کیا تھا۔منعم ظفر خان نے کہا کہ جماعت اسلامی نے وزارت داخلہ،وزارت خارجہ،وزیراعظم اور دیگر متعلقہ حکومتی اداروں سے پاکستانی یرغمالیوں کی رہائی کے لیے رابطے کیے،لیکن حکومت کی جانب سے بروقت اور نتیجہ خیز پیش رفت سامنے نہیں آئی۔منعم ظفر خان نے کہا کہ 20 ستمبر کو کراچی میں 10,964 امیدواروں نے ایم ڈی کیٹ کا امتحان دیا،جس کے لیے صرف این ای ڈی یونیورسٹی اور ڈاؤ یونیورسٹی کے دو مراکز قائم کیے گئے تھے۔امتحان کے لیے رپورٹنگ ٹائم صبح 6:30 بجے مقرر تھا جبکہ شدید گرمی اور ٹریفک کے مسائل کے باعث طلبہ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بعض امیدواروں نے امتحانی مراکز میں وینٹی لیشن کے انتظامات کے حوالے سے بھی شکایات کیں۔سندھ حکومت کی بدانتظامی کے باعث کراچی کے طلبہ کے مستقبل سے کھیلا جارہا ہے۔میٹرک،انٹر اور میڈیکل کالج کے داخلہ ٹیسٹ سمیت ہر سطح پر کراچی کے طلبہ مشکلات کا شکار ہیں۔ایم ڈی کیٹ کے حالیہ امتحان میں کراچی کے تقریباً 11 ہزار طلبہ کے لیے صرف 2 امتحانی مراکز قائم کیے گئے،جبکہ لاہور میں تقریباً اتنے ہی طلبہ کے لیے 6 اور پشاور میں 16 ہزار طلبہ کے لیے 19 مراکز قائم کیے گئے۔پورے پاکستان میں ایم ڈی کیٹ کے لیے ایک لاکھ 38 ہزار سے زائد امیدوار رجسٹرڈ تھے۔سندھ میں جاری کردہ نتائج کے مطابق کراچی کا کوئی امیدوار ٹاپ 20 میں شامل نہیں،جبکہ ٹاپ 100 میں کراچی کے 18 امیدوار شامل ہیں۔دوسری جانب تھرپارکر کے پانچ امیدوار ٹاپ 20 میں شامل ہوئے۔نتائج میں سامنے آنے والی غیر معمولی صورت حال کی شفاف تحقیقات ضروری ہیں۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

ضرورت اور علاج کی نوعیت مختلف ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ طبی معائنے اور علاج جیسی حساس خدمات پر POS سسٹم کا نفاذ تکنیکی اور عملی لحاظ سے مناسب نہیں۔ڈاکٹرز پہلے ہی ملک میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے والے پیشہ ور افراد میں شامل ہیں اور ٹیکس کی ادائیگی کو قومی ذمہ داری سمجھتے ہیں،تاہم ایسی پالیسیوں کو مرحلہ وار اور تمام متعلقہ فریقوں سے مشاورت کے بعد نافذ کیا جانا چاہیے۔پروفیسر عاطف حفیظ صدیقی نے کہا کہ اچانک اور یکطرفہ فیصلوں سے نہ صرف طبی شعبے پر اضافی دباؤ پڑے گا بلکہ اس کے اثرات براہ راست مریضوں تک منتقل ہوں گے،جس سے علاج معالجہ مزید مہنگا ہونے کا خدشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں نجی کلینکس اور ہسپتال پہلے ہی پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PMDC)،ہیلتھ کیئر کمیشنز اور ضلعی صحت حکام کی نگرانی میں کام کر رہے ہیں،ایسے میں ایک اور غیر میڈیکل ادارے کی مداخلت غیر ضروری پیچیدگیاں پیدا کرے گی۔پیما کے صدر نے مریضوں کی رازداری کے حوالے سے بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر اور مریض کے درمیان اعتماد اور رازداری بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ان کے مطابق POS سسٹم کے ذریعے مریضوں کے حساس ڈیٹا اور طبی معلومات کے تحفظ کے حوالے سے سنجیدہ سوالات جنم لیتے ہیں جنہیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایف بی آر کلینکس اور ہسپتالوں میں چھاپوں،طبی عملے کو ہراساں کرنے اور غیر ضروری دباؤ ڈالنے کا سلسلہ بند کرے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے بعد قابل عمل اور متوازن پالیسی تشکیل دے۔

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ آٹا،تیل،سبزیاں اور دیگر روزمرہ اشیا بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جارہی ہیں۔مہنگائی کے باعث غریب خاندانوں کیلئے علاج،ادویات اور فیس ٹیسٹ کے اخراجات برداشت کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔سردار عبدالرحیم نے کہا کہ سندھ میں بے روزگاری بھی ایک اہم مسئلہ ہے،پڑھے لکھے نوجوان روزگار کے مواقع نہ ملنے کے باعث مایوسی کا شکار ہیں۔حکومت کی جانب سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور صوبائی معیشت کو مضبوط بنانے کا کوئی واضح اور مؤثر پروگرام نظر نہیں آتا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو نعروں اور زبانی دعووں کے بجائے مہنگائی،بے روزگاری،غربت اور بنیادی مسائل کے حل کیلئے فوری عملی اقدامات کرنے چاہئیں۔عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے وسائل تعلیم،صحت،روزگار،صاف پانی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خرچ کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کو بہتر زندگی فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے،سرکاری وسائل کے ضیاع اور ذمہ داری سے غفلت کے اثرات موجودہ نسل کے ساتھ آنے والی نسلوں کو بھی برداشت کرنا پڑسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

حکومت کی جانب سے کوئی خاطر خواہ عملی اقدام سامنے نہیں آیا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت گزشتہ پانچ ماہ کے دوران مغوی پاکستانی شہریوں کی بحفاظت واپسی کیلئے کیے گئے اقدامات سے قوم کو آگاہ کرے۔شہید پاکستانیوں کی میتیں فوری وطن واپس لائی جائیں،زخمیوں کو مکمل طبی سہولیات فراہم کی جائیں جبکہ شہید شہریوں کے اہلخانہ کو فوری معلومات اور ہرممکن معاونت فراہم کی جائے۔پی ٹی آئی سندھ کے صدر نے واقعے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی شہریوں کو پانچ ماہ تک قید رکھنے کے معاملے میں غفلت کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

رینجرز،مزار قائد مینجمنٹ بورڈ اور متعلقہ اداروں کے نمائندے شامل ہوں گے۔کمیٹی کو 2 ہفتوں میں اپنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔اجلاس میں مزار قائد کے سکیورٹی انتظامات اور عام افراد کے داخلے کے طریقہ کار کو مزید جامع اور جدید بنانے پر بھی غور کیا گیا۔کمشنر کراچی نے ہدایت کی کہ مزار کے داخلی دروازوں پر سکیورٹی مزید مؤثر بنائی جائے اور واک تھروز کو فعال رکھا جائے۔اجلاس میں بتایا گیا کہ مزار قائد کے مرکزی دروازے پر واک تھرو گیٹس،میٹل ڈیٹیکٹرز اور 173 سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے نگرانی کی جارہی ہے۔میوزیم میں داخلے کیلئے 30 روپے ٹکٹ مقرر ہے،جبکہ پارک میں عوامی داخلہ مفت ہے۔سکیورٹی کیلئے 24 گھنٹے کی شفٹوں میں 68 اہلکار تعینات ہیں۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شرقی،ایس ایس پی شرقی،پاکستان رینجرز،سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ،کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن،بلدیہ عظمیٰ کراچی اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔مزار قائد مینجمنٹ بورڈ کے نمائندے عبدالعلیم شیخ نے عام افراد کے داخلے کی پالیسی اور سکیورٹی انتظامات پر بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

کی تصنیف "وربرگ لالہ وگل" کی تقریب اجراء و تعارف 12 اکتوبر بروز جمعہ منعقد ہوگی۔تقریب کی صدارت پروفیسر سحر انصاری کریں گی جبکہ پروفیسر ڈاکٹر معین الدین عقیل مہمان خصوصی ہوں گے۔تقریب سے پروفیسر ڈاکٹر رئیس صمدانی،پروفیسر سیما ناز،ڈاکٹر نزہت انیس،سیدہ ناصر علی،طارق بن آزاد اور شگفتہ فرحت اظہار خیال کریں گے۔نظامت کے فرائض معروف اسکالر اور اینکر ڈاکٹر فرحانہ اویس انجام دیں گی۔اعلامیے کے مطابق تقریب شام 4 بجے ڈاکٹر فرمان فتح پوری ہال،اردو لغت بورڈ،بلاک 5 گلشن اقبال،نزد پاکستان پوسٹ آفس والی گلی،عقب صادقین انسٹی ٹیوٹ،نیپا چورنگی میں منعقد ہوگی۔منتظمین نے علم و ادب سے دلچسپی رکھنے والے افراد سے تقریب میں شرکت کی درخواست کی ہے۔

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

خصوصی کمیٹی برائے عملدرآمد مفاہمتی یادداشتیں جنید اسماعیل ماکڈا اور نائب صدر پاکستان ٹریڈ ایڈوائزری،ایف او پی یو ایس اے فرخ شیخ بطور گواہ موجود تھے۔مفاہمتی یادداشت کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہوئے صدر کے سی سی آئی ریحان حنیف نے کہا کہ یہ معاہدہ پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی و سرمایہ کاری تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب ایک اہم اور اسٹریٹجک قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ تین سالہ اس اسٹریٹجک فریم ورک کے تحت کے سی سی آئی اور فرینڈز آف پاکستان یو ایس اے باہمی تجارت،سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے قریبی تعاون کریں گے جس کے ذریعے پاکستانی کاروباری اداروں کو امریکا میں موجود منڈیوں،سرمایہ کاروں اور مجوزہ مشترکہ منصوبوں کے شراکت داروں سے منسلک کیا جائے گا۔اس اقدام کے تحت اعلیٰ سطحی تجارتی وفود،کاروباری فورمز،نمائشوں اور خصوصی نیٹ ورکنگ سیشنز کا انعقاد بھی کیا جائے گا تاکہ کاروباری اداروں کو براہ راست تجارتی روابط قائم کرنے کے مؤثر مواقع میسر آسکیں۔ریحان حنیف نے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی،ٹیکسٹائل،زراعت،مینوفیکچرنگ اور امارات ایس سمیت زیادہ استعداد اور گنجائش والے شعبوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی،جہاں پاکستان میں نمایاں صلاحیت موجود ہے اور امریکی مارکیٹ کے ساتھ مضبوط روابط سے برآمدات،سرمایہ کاری اور کاروباری شراکت داری کے وسیع مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ مفاہمتی یادداشت کے تحت مارکیٹ سے متعلق معلومات اور اہم اعداد وشمار کے تبادلے کو بھی فروغ دیا جائے گا،جن میں ٹیرف،ریگولیٹری تقاضوں،ضابطہ جاتی پابندیوں اور مارکیٹ تک رسائی کی شرائط سے متعلق معلومات شامل ہیں۔یہ اقدام بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوگا،کیونکہ اس سے انہیں امریکی مارکیٹ کو بہتر طور پر سمجھنے اور بین الاقوامی کاروباری مواقع تلاش کرتے ہوئے زیادہ باخبر فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ یہ تین سالہ معاہدہ پاکستان اور امریکا کے نجی شعبوں کو روایتی کاروباری روابط سے آگے بڑھ کر باہمی تجارتی،سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کی شراکت داری کی جانب لے جانے کے لیے ایک منظم اور پائیدار پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔کے سی سی آئی اس فریم ورک کو پاکستانی کاروباری اداروں،بالخصوص ایس ایم ایز کے لیے ٹھوس مواقع پیدا کرنے،ان کے بین الاقوامی کاروباری دائرہ کار کو وسعت دینے اور عالمی منڈیوں میں ان کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے کے لیے بھرپور انداز میں استعمال کرنے کے لیے پرعزم ہے۔صدر کے سی سی آئی نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ شراکت داری پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی وکاروباری روابط کو مزید گہرا کرنے میں معاون ثابت ہوگی اور تجارت،سرمایہ کاری،ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون اور نجی شعبے کی قیادت میں اقتصادی ترقی کے نئے راستے کھولنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

ثقافتی ورثے،تاریخی مقامات،ساحلی علاقوں،مذہبی سیاحت،ماحولیاتی سیاحت اور مہم جوئی پر مبنی سیاحت کو اجاگر کیا جائے گا۔پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن مختلف سیاحتی مقامات کو ہوٹلوں،سفری اداروں اور مقامی تجربات سے منسلک کرنے کیلئے مربوط سیاحتی راستوں کے فروغ میں بھی معاونت کرے گی،جبکہ جدید تشہیری ذرائع اور آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے پاکستان کی عالمی سطح پر تشہیر کو بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔چیئرمین محمد انور قریشی نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت کے وسیع مواقع موجود ہیں،ملک کا مثبت تشخص اجاگر کرنے کیلئے سرکاری ونجی شعبے کی مشترکہ کوششیں ضروری ہیں۔سیاحت کے فروغ سے روزگار،سرمایہ کاری،مقامی معیشت اور زرمبادلہ کے حصول میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ابھرتے ہوئے سیاحتی مقامات پر بنیادی ڈھانچے اور معیاری رہائش کی سہولیات میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی بھی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

مالیاتی استحکام کے لیے مستقل بنیادوں پر مؤثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا۔آئی ایم ایف مشن نے توانائی کے شعبے میں بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کو قابو کرنے پر بھی زور دیا۔مشن نے پیٹرولیم لیوی میں کمی کی صورت میں پیدا ہونے والے مالیاتی خلا کو پورا کرنے کے لیے متبادل ذرائع سے آمدن حاصل کرنے کے طریقے تلاش کرنے کی ضرورت پر بھی توجہ دلائی۔پاکستانی حکام نے آئی ایم ایف کو بتایا کہ جاری خلیجی جنگ کے باوجود ساختی اصلاحات کا عمل جاری رکھا جائے گا۔حکام نے ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ عوام کو منتقل کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی۔تاہم پاکستانی فریق کے مطابق معاشرے کے کمزور طبقات کو بڑھتی ہوئی ایندھن قیمتوں کے اثرات سے تحفظ دینے کے لیے ٹارگٹڈ سبسڈیز متعارف کرائی گئی ہیں،تاکہ اضافی مالی بوجھ کے دوران ضرورت مند طبقے کو خصوصی معاونت فراہم کی جاسکے۔

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

لیور کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔برطانوی میری ٹائم ادارے یو کے ایم ٹی او کے مطابق آبنائے ہرمز میں 29 ستمبر کو تین تجارتی بحری جہاز نامعلوم سمت سے آنے والے گولہ نما حملوں کی زد میں آئے۔ان میں ایک خام تیل بردار جہاز،ایک مائع قدرتی گیس بردار جہاز اور ایک تیسرا بحری جہاز شامل تھا۔اس طرح 28 ستمبر کو ایک اور مائع قدرتی گیس (LNG) سے بھرے ٹینکر کو بھی پروجیکٹائل سے نشانہ بنایا گیا تھا اس کی اطلاع بھی آج ملی ہے۔برطانوی ادارے نے 30 ستمبر کو ان واقعات کی اطلاع دی تاہم جہازوں کے نام یا حملے کے لیے استعمال کیے گئے ہتھیار کی نوعیت فوری طور پر واضح نہیں کی گئی۔خام تیل بردار جہاز کے بائیں جانب نامعلوم گولہ لگا۔حکام نے ابھی تک جانی نقصان یا نقصان کی مکمل تفصیل جاری نہیں کی اور واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔اس طرح آج سامنے آنے والی اطلاعات میں مجموعی طور پر 4 جہازوں کو نشانہ بنائے جانے کی بات سامنے آئی ہے،جن میں تیل اور گیس لے جانے والے بڑے تجارتی جہاز شامل ہیں۔دستیاب معلومات میں یہ واضح نہیں ہوا کہ حملوں میں میزائل،ڈرون یا کسی مخصوص قسم کا ہتھیار استعمال ہوا یو کے ایم ٹی او نے ان اقدامات کو صرف نامعلوم گولہ قرار دیا ہے۔کسی گروہ نے بھی فوری طور پر ذمہ داری قبول نہیں کی۔واضح رہے کہ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کا اہم راستہ ہے اس لیے ایسے واقعات سے خطے میں تجارتی جہازرانی کی سلامتی کے بارے میں خدشات بڑھ گئے ہیں۔یو کے ایم ٹی او نے گزرنے والے جہازوں کو محتاط رہنے اور مشتبہ سرگرمیوں کی اطلاع دینے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 24 اطلاعات

آئینی بینچ کے روبرو پرانی گاڑیوں کی درآمد کے دوران اقوام متحدہ کے ضابطوں پر عمل درآمد کرنے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کو مقررہ حفاظتی،ماحولیاتی اور معیار کے تقاضوں کی تکمیل سے مشروط کیا گیا ہے۔انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ نے 2025ء میں 62 اقوام متحدہ کے ضوابط کے تحت گاڑیوں کی جانچ کا دو مرحلہ نظام مقرر کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا،جس میں درآمد سے قبل معائنہ اور درآمد کے بعد آزادانہ تھرڈ پارٹی معائنہ شامل تھا۔وکیل نے کہا کہ عملی طور پر رجسٹرڈ معائنہ ایجنسیاں صرف عمومی تقاضے چیک کرتی ہیں اور 62 اقوام متحدہ کے ضوابط کے مطابق گاڑی کی موجودہ حالت کی تصدیق نہیں کی جارہی۔دستاویزات میں بھی استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے وقت موجودہ حالت میں حفاظتی معیار سے مطابقت ثابت نہیں ہوتی۔درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی کہ درآمد سے قبل معائنہ گاڑی کی موجودہ حالت کی بنیاد پر کیا جائے جبکہ کسٹمز سے کلیئرنس سے قبل ہر استعمال شدہ درآمدی گاڑی کا لازمی بعد از درآمد معائنہ بھی کرایا جائے۔وفاقی حکومت کے وکیل نے بتایا کہ اس معاملے پر وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوچکا ہے۔عدالت نے وفاقی کابینہ کے اجلاس کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے سماعت 4 ہفتوں کیلئے ملتوی کردی۔درخواست میں وفاقی وزارت صنعت،وزارت تجارت،ایف بی آر،انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 25 اطلاعات

کیں،جن میں سندھ کی سیاسی و انتظامی صورتحال،حکومتی امور اور مختلف محکموں کی کارکردگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔سابق وفاقی وزیر غوث بخش خان مہر نے بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی،جس میں سندھ کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی اور انہیں صوبے کی سیاسی وانتظامی صورتحال سمیت جاری حکومتی امور سے آگاہ کیا۔سندھ کے وزیر صنعت وتجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے ملاقات کے دوران اپنے محکمے کی کارکردگی اور متعلقہ امور سے چیئرمین پیپلز پارٹی کو آگاہ کیا۔دریں اثنا بلوچستان کے وزیراعلیٰ کے مشیر برائے محنت وافرادی قوت بابا غلام رسول عمرانی نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی اور اپنے محکمے کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ملاقاتوں میں صوبائی سیاسی صورتحال،انتظامی معاملات اور مختلف محکموں کی کارکردگی سے متعلق امور زیر بحث آئے۔

بقیہ نمبر 26 اطلاعات

لانگ مارچ کے لیے تیار کنٹینر میں حیات آباد ٹول پلازہ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لیے پہنچے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 14 اکتوبر کے مارچ کے لیے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی کا کنٹینر تیار کرلیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی حیات آباد ٹول پلازہ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی جہاں وہ 14 اکتوبر کے مارچ کے لیے تیار کیے گئے کنٹینر میں پہنچے،ان کے کنٹینر میں صوبائی وزیر مینا خان اور شفیع جان کے ساتھ ساتھ دیگر وزرا بھی وزیراعلیٰ کے ساتھ موجود تھے۔پی ٹی آئی کے مطابق مذکورہ کنٹینر 14 اکتوبر کو اسلام آباد جانے کے لیے بنایا گیا ہے۔وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا 6.1 ارب روپے کی لاگت سے 90 روز میں مکمل ہونے والے حیات آباد ٹول پلازہ اور بائی پاس کا افتتاح کرنے پہنچے،اس منصوبے کی مجموعی لمبائی 500 میٹر طویل ہے۔دوسری جانب پی ٹی آئی نے لانگ مارچ کے لیے چندہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور وزیراعلیٰ سہیل آفریدی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ میں عطیے کی چندہ اکٹھا کریں گے،جس کے لیے وہ صوبائی سیکریٹریٹ میں شام 4 بجے موجود ہوں گے۔

بقیہ نمبر 27 اطلاعات

ادویات کی محفوظ،مستند اور قابل تصدیق فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے،ادویات پر 2D بارکوڈ کے نفاذ کیلئے ڈیڑھ سال سے کام جاری ہے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بارکوڈ کا نظام جعلی اور غیر معیاری ویٹرنری اور پولٹری ادویات کی روک تھام میں معاون ہوگا،جانوروں میں استعمال ہونے والی ادویات بھی انسانی صحت سے براہ راست جڑی ہیں۔وزیر صحت نے کہا کہ ون ہیلتھ کے اصول کے تحت ویٹرنری ادویات کے مؤثر ضابطے اور نگرانی کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ نمبر 28 اطلاعات

تھا کہ "شہباز انکل،میرے بابا کی سالگرہ ہے،مجھے ان کے ساتھ سالگرہ منانی ہے،میرے بابا کو واپس لے آئیں۔" تاہم والد کی موت کے بعد اس کی خواہش پوری نہ ہوسکی۔ eth کا کہنا ہے کہ قزاقوں کی قید سے بازیاب ہونے والے افراد میں جاں بحق پاکستانیوں کی لاشیں موجود ہیں جبکہ زخمی علاج کے منتظر ہیں،حکومت فوری کارروائی کرتے ہوئے میتیں اور زخمی پاکستانیوں کو وطن واپس لانے کے انتظامات کرے۔واضح رہے کہ صومالی قزاقوں کے یرغمال بنائے گئے تین پاکستانیوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔تینوں پاکستانیوں کا تعلق کراچی سے تھا۔صومالی بحری فورس نے ساڑھے 5 ماہ سے قید جہاز کے عملے کی بازیابی کیلئے کارروائی کی تھی۔"اونر 25" کے عملے میں 10 پاکستانیوں سمیت بھارت،میانمار اور انڈونیشیا کے شہری شامل تھے۔جاں بحق پاکستانیوں میں سیکنڈ آفیسر کاشف عمر،تھرڈ انجینئر محمود انصاری اور رفیع اللہ خان شامل ہیں،جبکہ تین پاکستانیوں سمیت 4 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ذرائع کے مطابق قزاق فرار ہوتے ہوئے جہاز کو نقصان پہنچا گئے۔متاثرہ جہاز کو صومالی فورس کے جہاز سے باندھ کر ساحل کی جانب منتقل کیا جارہا ہے،جہاں پہنچنے میں تقریباً 3 روز لگ سکتے ہیں۔اس دوران زخمیوں کے مناسب علاج کا انتظام نہ ہونے پر بھی اہلخانہ نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 29 اطلاعات

گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی دن عظیم چینی قوم کی ثابت قدمی،اتحاد اور ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے،عالمی امن،استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے،صدر شی جن پنگ کی دوراندیش قیادت میں چین نے انسانی ترقی،سائنس،ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ 2026 کا سال پاکستان اور چین کے مشترکہ سفر میں ایک خصوصی اہمیت رکھتا ہے،پاکستان اور چین اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سال گرہ منارہے ہیں،ہمارے دل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ہماری دوستی نے ہمیشہ وقت کے ہر امتحان،خواہ وہ زلزلے ہوں،طوفان ہوں یا سیلاب،سامنا کیا ہے،چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) (ہماری دیرینہ دوستی اور اپنے عوام کے لیے زیادہ خوشحال اور ترقی یافتہ مستقبل کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ اب ہم سی پیک کے اگلے مرحلے یعنی سی پیک 2.0 میں داخل ہو رہے ہیں،نئے فیز میں صنعت کاری،خصوصی اقتصادی زونز،انفارمیشن ٹیکنالوجی اور معدنی ذخائر،زراعت،کان کنی اور معدنیات پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔شہباز شریف نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت انتہائی خوش آئند ہے،پاکستان سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار زرعی گریجویٹس کے پہلے گروپ نے چین میں اپنی تربیت مکمل کرلی ہے،مزید ایک ہزار افراد پر مشتمل گروپ چین جانے کے لیے تیار ہیں،یہ ہمارے نوجوانوں کی صلاحیتوں اور ان کے مستقبل میں ایک قیمتی سرمایہ کاری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان چین تعلقات ہماری خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہیں،رواں سال مئی میں صدر شی جن پنگ کے ساتھ گفتگو ہماری دیرینہ دوستی کی ایک مضبوط تجدید عہد تھی،ہم دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والی اہم مفاہمت پر عمل درآمد کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 30 اطلاعات

سے مطالبہ کیا کہ ملازمین کو مستقل کرنے یا ان کے معاہدوں میں توسیع کے معاملے پر فوری غور کیا جائے اور ان کے بقایا جات اور مستقبل کے روزگار کے حوالے سے واضح فیصلہ کیا جائے۔10 سال سے خدمات انجام دینے والے ملازمین کے تجربے اور حق روزگار کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔دوسری جانب ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سندھ نے کہا ہے کہ ہسپتال کا انتظام گزشتہ تقریباً 10 سال سے غربت کے خاتمے کے اقدام کے تحت چلایا جارہا تھا،جس دوران 500 سے زائد ملازمین نے خدمات انجام دیں اور ہزاروں بچوں اور ان کے اہلخانہ کو طبی سہولیات فراہم کیں۔ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق انتظامی معاہدے کی مدت مکمل ہونے کے بعد ملازمین کو ملازمت ختم کرنے کے خطوط جاری کیے جانے سے سینکڑوں ملازمین اور ان کے خاندانوں میں بے یقینی پیدا ہوئی ہے جبکہ ہسپتال میں زیر علاج بچوں کے علاج اور طبی سہولیات کے تسلسل کے حوالے سے بھی خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا کہ انتظامی تبدیلی کی صورت میں زیر علاج بچوں کی ادویات،آپریشنز،فالو اپ،انتہائی نگہداشت،لیبارٹری اور دیگر طبی سہولیات متاثر نہ ہونے دی جائیں،جبکہ گزشتہ 10 سال سے خدمات انجام دینے والے طبی،نرسنگ،پیرامیڈیکل،انتظامی اور معاون عملے کے تجربے اور سروس ریکارڈ کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے وزیراعلیٰ سندھ،وزیر صحت اور سیکرٹری صحت سے معاملے کا فوری نوٹس لینے،ملازمین کے تمام بقایاجات کی ادائیگی اور ہسپتال کے مستقبل کے انتظامی نظام کے حوالے سے واضح اور قابل عمل پالیسی وضع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 31 اطلاعات

ملک کو غمزدہ کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ اس حساس معاملے پر پارلیمنٹ اور قومی اسمبلی میں بھرپور آواز اٹھائیں گے اور دکھ کی اس گھڑی میں شہید کے سوگوار اہلخانہ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے وزیراعظم پاکستان اور وزارت خارجہ سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے صومالیہ سے شہید کاشف عمر کا جسد خاکی فوری،باعزت اور محفوظ طریقے سے پاکستان منتقل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر سفارتی و سرکاری اقدامات کیے جائیں تاکہ لواحقین آخری دیدار کرسکیں۔

بقیہ نمبر 32 اطلاعات

دوران کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) صوفی محمد گروپ کے ریڈ بک میں انتہائی مطلوب دہشت گرد نیک اختیار عرف گل بادشاہ ختیار کو گرفتار کرکے دستی بم برآمد کرلیا۔ان کا کہنا تھا کہ گرفتار دہشت گرد کا تعلق ٹی ٹی پی صوفی محمد گروپ دیر سے ہے جو کہ خیبرپختونخوا (کے پی) میں متحرک اہم کمانڈر تھا اور اس کی گرفتاری پر حکومت خیبرپختونخوا نے 30 لاکھ روپے انعام بھی مقرر کیا ہوا تھا۔ایس آئی یو پولیس کے ہاتھوں گرفتار دہشت گرد کا نام محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) خیبرپختونخوا کی جانب سے شائع کردہ ریڈ بک کے تیسرے ایڈیشن میں شامل ہے۔ترجمان کے مطابق گرفتار دہشت گرد ریاست مخالف سرگرمیوں،دہشت گردی،گاڑیاں چھینی اور اغوا برائے تاوان جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہے اور وہ تربیت کے لیے متعدد بار افغانستان بھی جاچکا ہے۔انہوں نے بتایا کہ گرفتار دہشت گرد کے خلاف تھانہ اوچ،لوئر دیر اور خیبرپختونخوا میں 19 سنگین مقدمات درج ہیں،جس میں وہ مطلوب تھا۔ترجمان کا کہنا تھا کہ ایس آئی یو پولیس نے گرفتار دہشت گرد کے خلاف مقدمہ نمبر 334 سال 2026 بجرم دفعات 4،5 ایکسپلوزیو ایکٹ اور انسداد دہشت گردی کی دفعہ 7 اے ٹی اے کے تحت درج کرلیا ہے اور مزید تفتیش کا عمل بھی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 33 اطلاعات

ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے چارے،ٹرانسپورٹ اور ایندھن کے اخراجات بڑھ گئے ہیں،جبکہ 800 روپے میں ملنے والا بھوسہ اب تقریباً 1700 روپے میں دستیاب ہے۔جانوروں کی خوراک،ادویات،بجلی،پانی اور مزدوری کے اخراجات میں بھی نمایاں اضافہ ہوچکا ہے۔ڈیری فارمرز کا کہنا ہے کہ دودھ کی سرکاری قیمت فارمرز کی حقیقی پیداواری لاگت کے مطابق مقرر کی جائے،بصورت دیگر مناسب نرخ نہ ملنے کی صورت میں کراچی میں دودھ کی فراہمی شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 34 اطلاعات

کی جانب سے بنائے گئے طریقہ کار کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کردیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر ایک روپیہ 89 پیسے کی کمی کردی گئی ہے،اس کمی کے ساتھ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 400 روپے 35 پیسے ہوگئی ہے۔پیٹرول کی قیمت میں صرف 14 پیسے کی معمولی کمی کردی گئی ہے اور پیٹرول کی نئی قیمت 387 روپے 40 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق یکم اکتوبر 2026 سے ہوگا۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل عالمی مارکیٹ کی صورت حال کے باعث کیا گیا۔عالمی واقعات،پالیسی ریٹ اور پریمیم میں تبدیلیاں قیمتوں کے تعین پر اثرانداز ہوتی ہیں۔

بقیہ نمبر 35 اطلاعات

آئی اے انٹی ہیومن ٹریفکنگ اینڈ اسمگلنگ سرکل کراچی کے حوالے کردیا گیا۔ترجمان کے مطابق امیگریشن کلیئرنس کے دوران سعودی عرب کے عمرہ ویزوں پر سفر کرنے والے 3 پاکستانی مسافروں کے مشکوک رویے پر انہیں روک کر تفصیلی جانچ پڑتال کی گئی۔مسافروں کی شناخت ندیم اقبال اور شہزاد علی،ساکنان حافظ آباد،جبکہ سرفراز احمد،ساکن سرگودھا کے نام سے ہوئی۔تفصیلی جانچ کے دوران مسافروں کے سفری دستاویزات اور موبائل فونز کا جائزہ لیا گیا تو ان کے پاس بحرین کے وزٹ ویزے اور جمہوریہ پلاؤ کے ویزے بھی موجود پائے گئے۔ایف آئی اے کے مطابق مسافروں نے بتایا کہ ان کا منصوبہ سعودی عرب میں تقریباً 3 روز قیام کے بعد بحرین اور پھر جمہوریہ پلاؤ جانے کا تھا۔ان کے مطابق ملتان کے رہائشی ایجنٹ نعیم مرشد نے مبینہ طور پر فی مسافر 25 لاکھ روپے کے عوض ویزوں اور سفری انتظامات کا بندوبست کیا تھا۔مسافروں نے مزید انکشاف کیا کہ ایجنٹ کے مطابق انہیں جمہوریہ پلاؤ میں تقریباً 3 ماہ قیام کے بعد عارضی رہائشی اجازت نامہ حاصل کروایا جانا تھا،جس کے بعد وہ مبینہ طور پر غیر قانونی ہجرت کے ذریعے آسٹریلیا جانے کی کوشش کرتے۔ایف آئی اے ترجمان کے مطابق دستاویزی شواہد،موبائل فونز کی جانچ اور مسافروں کے بیانات کی روشنی میں عمرہ سفر کو بطور پردہ استعمال کرتے ہوئے غیر قانونی ہجرت کی کوشش بروقت ناکام بنادی گئی۔

بقیہ نمبر 36 اطلاعات

انتظامات پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا۔وزیر داخلہ نے کہا کہ کاؤنٹرز پر اضافی عملہ تعینات کرنے سے مسافروں کی طویل قطاریں ختم ہوگئی ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ نے ایئرپورٹ امیگریشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر شہزاد اکبری کی کارکردگی کو خصوصی طور پر سراہا۔انہوں نے کہا کہ مسافروں کو امیگریشن کے دوران ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور نامکمل یا غیر تصدیق شدہ سفری دستاویزات کے حامل مسافروں کو ہرگز سفری اجازت نہ دی جائے۔

بقیہ نمبر 37 اطلاعات

کی توسیع اور شہداء پیکج کے لیے 3 کروڑ روپے کی منظوری دے دی۔مشیر وزیراعلیٰ سندھ گیان چند ایسرانی کی زیر صدارت سندھ ایمرجنسی کونسل کا چھٹا اجلاس ہوا،جس میں ریسکیو 1122 کی کارکردگی،مالی و انتظامی امور،ملازمین کی فلاح و بہبود اور نئے اقدامات سمیت مختلف معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ڈی جی ریسکیو 1122 بریگیڈیئر (ر) واجد صبغت اللہ مہر نے اجلاس کو بریفنگ میں بتایا کہ ادارے کے قیام سے اب تک 13 لاکھ 30 ہزار سے زائد افراد کو طبی امداد اور دیگر خدمات فراہم کی جاچکی ہیں،جبکہ مختلف حادثات میں 5 ہزار 238 قیمتی جانیں بچائی گئیں۔انہوں نے بتایا کہ ریسکیو 1122 کو روزانہ 10 ہزار سے زائد کالز موصول ہورہی ہیں،جبکہ اس وقت 149 گاڑیوں اور ایک ہزار 723 اہلکاروں کے ذریعے ریسکیو خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔اجلاس میں فائر سیفٹی آڈٹس اور انسداد کتا کاٹنے کی مہم کا بھی جائزہ لیا گیا جبکہ گزشتہ اجلاس کی کارروائی کی توثیق کردی گئی۔کونسل نے ریسکیو ملازمین کی ہیلتھ انشورنس اور پنشن کے معاملے کو حتمی مشاورت کے بعد صوبائی کابینہ کو ارسال کرنے کا فیصلہ کیا،جبکہ الاؤنس کی منظوری کے لیے محکمہ خزانہ سندھ سے رجوع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔اجلاس میں کم کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔

بقیہ نمبر 38 اطلاعات

ہوا،جس میں ایم این اے صوفیہ سعید،ٹاؤن و یوسی کونسل کے ذمہ داران،مرکزی الیکشن سیل کے نمائندوں،علاقے کے معززین اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اجلاس میں انتظامی یونٹ کے قیام،اس کی اہمیت اور عوام کو حاصل ہونے والے ممکنہ فوائد کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔شرکا نے عوام میں شعور اجاگر کرنے،علاقے کے مسائل کے حل اور بہتر انتظامی نظام کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل،بہتر انتظامی نظام اور عوامی شعور کی بیداری ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر 39 اطلاعات

کمیٹی کی چیئرپرسن اور ایس ڈی پی او گلبرگ ڈاکٹر مہنشا ر وپتا نے کی۔اجلاس میں اقلیتی برادری کے تحفظ،مسائل کے بروقت ازالے اور شکایات کے مؤثر تدارک کے حوالے سے اقلیتی سہولت ڈیسک کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ اقلیتی برادری سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر میرٹ کے مطابق حل کیا جائے اور ان کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔اجلاس میں اقلیتی سہولت ڈیسک کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور شکایات کے فوری ازالے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 40 اطلاعات

منصوبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔سیکریٹری ناصر عباس سومرو نے بتایا کہ صوبے بھر میں خواتین کی فلاح و بہبود،سیف ہاؤسز اور شکایتی مراکز سمیت مختلف منصوبے تیزی سے جاری ہیں جبکہ محکمے سے متعلق فوری اور تفصیلی معلومات کی فراہمی کے لیے ڈیٹا انٹیل بورڈ کی تکمیل آخری مراحل میں ہے۔صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی نے محکمہ کی مجموعی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والے فلاحی اداروں اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ تعاون مزید بڑھایا جائے۔انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی ترقی اور با اختیار کرنا سندھ حکومت کی ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 41 اطلاعات

مطابق متبادل اسکریپ استعمال کرنے والے یونٹس سے بجلی کے ہر یونٹ پر 20 روپے ٹیکس وصول کیا جائے گا،جبکہ 70 فیصد سے زائد درآمدی خام مال یا اسکریپ استعمال کرنے کی صورت میں 5 روپے فی یونٹ ٹیکس عائد ہوگا۔ایف بی آر کے مطابق 5 روپے فی یونٹ کی رعایتی شرح کا اطلاق سالانہ خریداری یا درآمدات کی بنیاد پر ہوگا۔بجلی کے بل میں وصول کیا جانے والا سیلز ٹیکس ایڈوانس ٹیکس تصور ہوگا جسے بعد میں آؤٹ پٹ ٹیکس کے خلاف ایڈجسٹ کیا جاسکے گا۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ بجلی کے کنکشن کا مالک تبدیل ہونے یا کنکشن لیز پر دیے جانے کی صورت میں بھی مذکورہ ٹیکس کا اطلاق برقرار رہے گا۔

بقیہ نمبر 42 اطلاعات

کی،صحافیوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔بعد ازاں انہوں نے اپنے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے میں شرکت کی۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ کراچی پریس کلب میں اہم امید اور صحافیوں سے متعلق مسائل پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔پیپلز پارٹی نے ہر دور میں صحافی برادری کے مسائل کے حل اور آزادی صحافت کیلئے آواز بلند کی ہے۔شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور آصف علی زرداری کے ادوار میں بھی صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کیے گئے۔انہوں نے بتایا کہ سندھ حکومت کے تحت نومبر میں تھرپارکر اور سکھر میں پروگرام منعقد کرنے کی تجویز ہے،جس کیلئے 15 سے 17 نومبر کی تاریخیں عارضی طور پر تجویز کی گئی ہیں۔سکھر میں تقریب اور پریس کلب پروگرام بھی منعقد کیا جائے گا جبکہ ملک بھر سے صحافیوں کو مدعو کرنے کی کوشش کی جائے گی۔شرجیل میمن نے کہا کہ 21 لاکھ گھروں کی تعمیر کے منصوبے کو عالمی سطح پر سراہا جارہا ہے جبکہ سرکاری ونجی شراکت داری کے تحت سندھ کے منصوبوں نے عالمی سطح پر بھی نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔سندھ حکومت عالمی معیار کے مزید منصوبے اور تقریبات متعارف کرانے کیلئے کوشاں ہے۔سکھر میں جدید طرز کا اسٹیڈیم تعمیر کرنے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے،جس میں نجی شعبے اور سرپرستوں کو شامل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حکومت غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور عالمی سرمایہ کار کمپنیوں کے ساتھ تعاون بڑھا رہی ہے۔پاکستان کو ترقی کی راہ پر آگے لے جانے کیلئے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اتحاد اور یکجہتی سے ہی کیا جاسکتا ہے۔ٹرانسپورٹ سے متعلق سوال پر سینئر وزیر نے کہا کہ سندھ حکومت شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے مسلسل اقدامات کررہی ہے۔یونیورسٹی روڈ پر ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کیلئے کام جاری ہے اور موسمیات فلائی اوور کو کھولنے کیلئے ضروری مراحل مکمل کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی روڈ پر کمرشل ٹریفک کی روانی تقریباً بحال ہوچکی ہے جبکہ کام کے باعث شہریوں کو درپیش مشکلات جلد دور کی جائیں گی۔انہوں نے غیر مصدقہ اطلاعات اور جعلی خبروں سے گریز کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹرانسپورٹ منصوبوں اور حکومتی اقدامات سے متعلق درست معلومات عوام تک پہنچنا ضروری ہے۔سیاسی احتجاج سے متعلق سوال پر شرجیل میمن نے کہا کہ سیاسی جدوجہد اور احتجاج ہر سیاسی کارکن کا جمہوری حق ہے تاہم احتجاج پرامن اور قانون کے دائرے میں ہونا چاہیے۔کسی کو قانون ہاتھ میں لینے،جلاؤ گھیراؤ،توڑ پھوڑ یا ہتھیار اٹھانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں سڑکیں محدود ہیں،اس لیے احتجاج کے دوران شہریوں کی مشکلات کا بھی خیال رکھا جانا چاہیے۔حکومت عوام کے جان ومال کے تحفظ کی ذمہ دار ہے اور قانون کی خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی کی جائے گی۔صدر آصف علی زرداری اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی مبینہ ملاقات سے متعلق سوال پر شرجیل میمن نے کہا کہ بعض صحافتی ذرائع کی بنیاد پر ملاقات کی خبریں چلا رہے ہیں،تاہم ابھی تک اس کی تصدیق نہیں ہوئی۔



میئر کراچی کا لیاری میں تعلیم کے فروغ کیلئے انقلابی اقدام

چھ اسکول TCF کے حوالے

لیاری کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیم اور صحت کی سہولیات میں بھی انقلابی تبدیلیاں لائی جا رہی ہیں' اسکولوں کی حوالگی کا معاہدہ طے

شہر کے مختلف علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا بلدیہ عظمیٰ کراچی کی ترجیحات میں شامل ہے' مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی جانب سے لیاری میں تعلیم کے فروغ کے حوالے سے اہم اور انقلابی اقدام سامنے آیا ہے، لیاری ٹاؤن میونسپل کارپوریشن اور دی سٹیزنز فاؤنڈیشن (TCF) کے درمیان اسکولوں کی حوالگی کا معاہدہ طے پا گیا جس کے تحت لیاری ٹاؤن کے چھ اسکول ٹی سی ایف کے حوالے کر دیے گئے ہیں، اس موقع پر ٹاؤن چیئرمین لیاری خلیل ہوت، ایم پی اے یوسف بلوچ اور دیگر متعلقہ افسران و معززین بھی موجود تھے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ لیاری کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیم اور صحت کی سہولیات میں بھی انقلابی تبدیلیاں لائی جا رہی ہیں، شہر کے مختلف علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا بلدیہ عظمیٰ کراچی کی ترجیحات میں شامل ہے، انہوں نے کہا کہ لیاری کے چھ اسکولوں کی ٹی سی ایف کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



پیپلز پارٹی ملیر کا ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس

ملیر کی قیادت کا جام عبدالکریم کے خلاف نازیبا الفاظ پر معافی کا مطالبہ

عدیل اختر شیخ کا کہنا ہے حب کے ایم پی اے کو ملیر کے معاملات میں مداخلت کا حق نہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی ملیر کا ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس اجلاس میں قائم مقام صدر عدیل اختر شیخ، جنرل سیکریٹری امداد علی جوکھیو، اطلاعات سیکریٹری شاہجہاں خان کی شرکت اجلاس میں پیپلز پارٹی ضلع ملیر کے عہدیداران مجاہد جوکھیو، آغا طارق پٹھان، نعیم عباسی، رانا پرویز، نوف الوق موجود اجلاس میں پی ایس صدور و ٹاؤن چیئرمین تدبیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

درگاہ لعل شہباز قلندر کے منیجر اوقاف عہدے سے ہٹا دیے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ اوقاف سندھ نے سیہون میں درگاہ حضرت لعل شہباز قلندر کے انتظامی امور میں غفلت اور صحافیوں سے متعلق غلط فہمی پر مبنی پریس ریلیز جاری ہونے کے معاملے پر منیجر اوقاف سیہون سرکل غلام رسول سومرو کو عہدے سے ہٹا دیا، محکمہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

مہران آرٹس کونسل حیدرآباد کو کراچی آرٹس کونسل کی طرز پر بنائیں گے، غلام محمد مہدی

صحافتی و ثقافتی وفد سے ملاقات میں امید ظاہر کی کہ فنون لطیفہ سے وابستہ شخصیات تعاون فرمائیں گے

ان شاء اللہ اسے کراچی آرٹس کونسل کی مانند شعراء، ادبا، اور فنون لطیفہ سے وابستہ کیا جائے

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) گذشتہ دنوں مہران آرٹس کونسل کے تعینات ہونے والے ڈپٹی ڈائریکٹر غلام محمد مہدی سے صحافتی و ثقافتی وفد نے ملاقات کی ... کونسل کی زبوں حالی و فنون لطیفہ کو درپیش مشکلات و مسائل کی نشاندہی کی، اس موقع پر نوجوان اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈپٹی ڈائریکٹر مہران آرٹس کونسل نے یقین دہانی کراتے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

ایس ایم ایز کو مالیاتی سہولیات کی فراہمی، ایچ بینک کا راولپنڈی چیمبر سے معاہدہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایچ مائیکرو فنانس بینک نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو مالیاتی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر دیے۔

گلبرگ ٹاؤن میں ترقیاتی و تعمیراتی کاموں کا سلسلہ جاری

لنور موڑ سے موسیٰ ہوٹل تک سڑک کی تعمیر خصوصی اہمیت کی حامل ہے' نصرت اللہ

ٹاؤن انتظامیہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کو آگے بڑھا رہی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلبرگ ٹاؤن میں ترقیاتی و تعمیراتی کاموں کا سلسلہ جاری، مختلف بلاکس میں سڑکوں کی تعمیر و استرکاری تیزی سے جاری ہے، چیئرمین نصرت اللہ نے کہا کہ لنور موڑ سے موسیٰ ہوٹل تک سڑک کی تعمیر خصوصی اہمیت کی حامل ہے، کیونکہ اس سڑک پر ایک اسپتال اور چھ سے زائد اسکول و کالج موجود ہیں۔ اس سڑک کی تعمیر سے نہ صرف اہل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

ایک لاکھ آؤٹ آف اسکول بچوں کو تعلیم سے جوڑ دیا

سردار علی شاہ

جو بچے روایتی اسکولوں تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے، انہیں کمیونٹی کے تعاون سے تعلیم کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے' وزیر تعلیم سندھ

سینٹر میں داخل ہر بچہ ریکارڈ کا حصہ ہے' نان فارمل ایجوکیشن کے تحت 6 اضلاع میں تعلیمی مراکز قائم' فیسلیٹیٹرز میں ایک ہزار ڈیجیٹل ٹیبلیٹس تقسیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ میں نان فارمل ایجوکیشن پروگرام کے تحت تقریباً ایک لاکھ اسکول سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام سے جوڑنے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے، نان فارمل ایجوکیشن پروگرام اپریل 2025 میں شروع کیا گیا تھا، کراچی ایکسپو آڈیٹوریم میں نان فارمل ایجوکیشن فیسلیٹیٹرز میں ایک ہزار ڈیجیٹل ٹیبلیٹس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ جو بچے روایتی اسکولوں تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے، انہیں کمیونٹی کے تعاون سے تعلیم کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نان فارمل ایجوکیشن کے ذریعے پالفوس لڑکیوں، پسماندہ طبقات اور اسکولوں تک رسائی سے محروم بچوں کو تعلیمی نظام کا حصہ بنانے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ پروگرام کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال 3 پاکستانی شہریوں کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے

منعم ظفر خان

حکومت شہداء کے جسد خاکی وطن واپس لانے، زخمیوں کو علاج کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے' پریس کانفرنس سے خطاب

سندھ میں ایم ڈی کیٹ 2026 کے امتحانی انتظامات و نتائج پر شدید تحفظات ہیں، طلبہ کے ساتھ ناانصافی اور بدانتظامی ناقابل قبول ہے' امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے بدھ کے روز ادارہ نور حق میں صومالی قزاقوں کی فائرنگ سے یرغمال شدہ 10 پاکستانی شہریوں میں سے 3 افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے کے واقعے پر حکومت کی جانب سے ان کی بازیابی کے لیے کوئی کردار ادا نہ کرنے اور سندھ میں ایم ڈی کیٹ امتحانی نتائج میں سنگین بے ضابطگیوں کے حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال 10 پاکستانی شہریوں میں سے 3 کی شہادت انتہائی افسوسناک اور تشویشناک واقعہ ہے۔ حکومت نے 5 ماہ سے زائد عرصے تک یرغمال پاکستانیوں کی بازیابی کے معاملے میں مؤثر اقدامات نہیں کیے، جس کے نتیجے میں پاکستانی شہریوں کی جانیں ضائع ہوئیں۔ حکومت شہداء کے جسد خاکی فوری طور پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

جامعات کی کینٹینز اور میس میں کھانے کا معیار جانچنے کا حکم

پی اے سی نے سندھ فوڈ اتھارٹی سے 2 ماہ میں سرکاری و نجی جامعات کی رپورٹ طلب کر لی

پی اے سی کے غیر مجاز قابضین سے گھر اور کوارٹرز خالی کرانے کی چیئرمین پی اے سی نثار کھوڑو کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے سندھ بھر کی سرکاری و نجی جامعات کی کینٹینز اور میس میں کھانے کا معیار جانچنے کا حکم دیتے ہوئے سندھ فوڈ اتھارٹی سے 2 ماہ میں رپورٹ طلب کر لی۔ صدارت جو اجلاس میں کمیٹی اراکین قاسم سراج سومرو، خرم کریم سومرو کے علاوہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اکرام الدین اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز ... پی اے سی کا اجلاس چیئرمین نثار کھوڑو کی زیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

امریکی وفد کا کراچی پورٹ کو جدید ترین ففتھ جنریشن پورٹ بنانے کا عزم

ریئر ایڈمرل شاہد احمد (SI(M), S.Bt) (ریٹائرڈ) نے کراچی میں تعینات امریکی قونصل جنرل چارلس گڈمین اور ان کے وفد کا خیر مقدم کیا

ملاقات میں پاکستان کے بحری شعبے، کراچی پورٹ کی ترقی، اور اقتصادی و تجارتی تعاون کے فروغ کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (رپورٹ: محمد انور رشید) چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ، ریئر ایڈمرل شاہد احمد SI(M)، S.Bt (ریٹائرڈ) نے کراچی میں تعینات امریکی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

برنس روڈ فوڈ اسٹریٹ کی راہ ہموار، کونسل نے قرارداد منظور کر لی

چیئرمین منصور احمد شیخ کی زیر صدارت اجلاس، وائس چیئرمین اور اراکین کونسل کی شرکت

ملازمین اور علاقے کے مکینوں کے لیے نماز کی ادائیگی کی غرض سے مسجد کی ضرورت ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد کی صدارت میں صدر ٹاؤن کونسل کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر صدر ٹاؤن ذیشان صالح، وائس چیئرمین، اراکین کونسل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ٹاؤن میونسپل کارپوریشن صدر کے کونسل کے اجلاس میں برنس روڈ پر فوڈ اسٹریٹ کے قیام اور محمد بن قاسم پارک پر واقع صدر ٹاؤن کے دفتر میں ازسرنو تعمیر کیا جا رہا ہے، جس میں مسجد کی تعمیر کے لیے ایس ایم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



امریکی وفد کا کراچی پورٹ کے دورے کے موقع پر چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ، ریئر ایڈمرل شاہد احمد SI(M)، S.Bt ریٹائرڈ استقبال کر رہے ہیں

کلینکس پر POS سسٹم کا نفاذ ناقابل قبول

پیما کا ایف بی آر کی پالیسی مسترد کرنے کا اعلان' مریضوں کی رازداری اور علاج مہنگا ہوگا

ڈاکٹروں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے، پروفیسر عاطف حفیظ صدیقی کی بات چیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے کلینکس پر پوائنٹ آف سیل (POS) سسٹم کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر پیشہ ورانہ اقدامات کے ذریعے ڈاکٹروں کو ہراساں کیا جا رہا ہے، جبکہ یہ پالیسی مریضوں کی رازداری کے لیے خطرات پیدا کرنے اور علاج کے اخراجات میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے۔ پیما کے مرکزی صدر پروفیسر عاطف حفیظ صدیقی نے اپنے بیان میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صحت کی سہولیات کی فراہمی کو ریٹیل کاروبار سے تشبیہ نہیں دی جا سکتی۔ ان کے چھوٹے کلینکس اور ہسپتال پر اسٹوروں پر چون کی دکانیں نہیں جہاں یکساں نوعیت کی اشیاء فروخت کی جاتی ہوں، بلکہ ہر مریض کی بھی باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ ٹاؤن کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں اس موقع پر ٹاؤن وائس چیئرمین عبدالرحمن حقی والا، میونسپل کمشنر صدر ذیشان صالح بھی موجود ہیں

سندھ حکومت عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے، سردار عبدالرحیم

حکومت کو نعروں اور زبانی دعوؤں کے بجائے مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور بنیادی مسائل کے حل کیلئے فوری عملی اقدامات کرنے چاہئیں

مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی مسائل نے عوام کی مشکلات بڑھا دی ہیں، نعروں کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں، سیکریٹری جنرل مسلم لیگ فنکشنل سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے سندھ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے عوام بدحالی، مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، حکومت خالی دعوؤں کے بجائے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے۔ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے بزنس فورم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے سردار عبدالرحیم نے کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے این ایف سی ایوارڈ کے معاملے پر عدم دلچسپی اور عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی رقم کو مبینہ طور پر کرپشن کی نذر کیے جانے کا عمل صوبے کیلئے نقصان دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن آسمان نسلوں کیلئے بھی مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام پہلے ہی شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں، بجلی اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



ڈی جی KDA زین العابدین انصاری سمر سیشن کے انٹرن شپ سرٹیفکیٹس طلبہ کو پیش کر رہے ہیں

سندھ یونیورسٹی کے تین سالہ LLB پروگرام میں بے ضابطگیوں کا انکشاف

یونیورسٹی انتظامیہ نے تین سالہ ایل ایل بی پروگرام کے آخری موقع سے مبینہ طور پر فائدہ اٹھاتے ہوئے پرانی تاریخوں میں نئی داخلے ظاہر کیے

متعدد امیدواروں سے تینوں سال کی فیس وصول کر کے انہیں مبینہ طور پر صرف ایک سال کے عرصے میں امتحانات میں شرکت کا موقع دیا گیا

جامشورو (رپورٹ: غلام حسین) سندھ یونیورسٹی کے تین سالہ ایل ایل بی پروگرام کے حوالے سے مبینہ بے ضابطگیوں کے مزید سنگین انکشافات سامنے آ گئے۔ ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ اور پاکستان بار کونسل کی ہدایات کے برخلاف مبینہ طور پر داخلوں اور امتحانات کے معاملات میں ضابطہ کاری کی خلاف ورزی کی گئی۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ یونیورسٹی انتظامیہ نے تین سالہ ایل ایل بی پروگرام کے آخری موقع سے مبینہ طور پر فائدہ اٹھاتے ہوئے پرانی تاریخوں میں نئی داخلے ظاہر کیے، جبکہ متعدد امیدواروں سے تینوں سال کی فیس وصول کر کے انہیں مبینہ طور پر صرف ایک سال کے عرصے میں امتحانات میں شرکت کا موقع دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس معاملے میں سینکڑوں امیدواروں کے مبینہ طور پر گھر بیٹھے ڈگریاں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

رحیم یار خان میں گٹکا فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 7 ہزار سے زائد گٹکے کے ساشے برآمد

رحیم یار خان (رپورٹ: حماد صدیقی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے گٹکا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مختلف مقامات پر چھاپہ مارا، جس کے دوران 7 ہزار سے زائد گٹکے کے ساشے برآمد کر لیے گئے۔ ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران گٹکا فروشی میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے برآمد شدہ گٹکا قبضے میں لے لیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ مضر صحت اور ممنوعہ اشیاء کی خرید و فروخت کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ شہریوں نے بھی گٹکا فروشی کے خلاف مؤثر کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

KDA کی بہتری کیلئے عملی اقدامات اور ٹیم ورک ضروری ہے

ڈی جی KDA

دنیا میں تبدیلی ایک مستقل عمل ہے اور ادارے بھی اسی اصول کے تحت چلتے ہیں، ڈائریکٹر جنرل زین العابدین انصاری

دنیا کا اصول ہے کہ اگر بنیادی 20 فیصد معاملات درست کر دیے جائیں تو ان کے اثرات 80 فیصد کارآمد ہوتے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی زین العابدین انصاری نے سوک سینٹر کانفرنس ہال میں کے ڈی اے کے افسران و ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگوں نے اپنی زندگی کے ڈی اے کے لیے وقف کی، کراچی آج جس مقام پر کھڑا ہے، اس میں کے ڈی اے کے افسران اور ملازمین کی محنت، منصوبہ بندی، پلاننگ، لینڈ مینجمنٹ، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں میں خدمات کا اہم کردار ہے۔ ہم سب ایک ٹیم کی حیثیت سے کراچی کو بہتر بنانے کے لیے کام کریں گے۔ میرا یقین ہے کہ صرف باتوں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات اور بہتر ورکنگ سے تبدیلی آتی ہے۔ میری تمام ساتھیوں سے گزارش ہے کہ ادارے کے معاملات کو اپنی ذمہ داری سمجھ کر اونر شپ کے ساتھ کام کریں۔ جب ہم کسی کام کو اپنا سمجھیں گے تو بہتری خود نظر آنا شروع ہو جائے گی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

یو پی یو نین کے تعاون سے نوجوان کاروباری افراد کیلئے بوٹ اسٹریپ کیمپ شروع

کاروباری سرگرمیوں کا فروغ پائیدار روزگار اور مقامی معاشی ترقی کیلئے اہم ہے، فاروق صدیقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اقوام متحدہ کے ترقیاتی ادارے کے تحت یو پی یونین کے تعاون سے جاری غربت کے خاتمے اور دیہی سندھ میں جامع ترقی کے پروگرام کے تحت ٹھٹھہ میں نوجوانوں کیلئے پہلے 4 روزہ بوٹ اسٹریپ کیمپ کا آغاز کر دیا گیا۔ کیمپ میں بورڈ سے فنی تربیت حاصل کرنے والے ٹھٹھہ اور سجاول کے 20 نوجوان شریک ہیں۔ تربیتی پروگرام کا مقصد نوجوانوں میں کاروباری اور انتظامی صلاحیتیں پیدا کرنا اور انہیں اپنی فنی مہارت اور کاروباری خیالات کو قابل عمل اور پائیدار کاروباری منصوبوں میں تبدیل کرنے کے قابل بنانا ہے۔



ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی زین العابدین انصاری نے سوک سینٹر کانفرنس ہال میں کے ڈی اے افسران و ملازمین سے خطاب کر رہے ہیں

حیسکو کا بجلی چوری کے خلاف کریک ڈاؤن، 37 لاکھ کا ڈیٹیکشن بل

ایس ای عقیل تورسیمن کی نگرانی میں قاسم آباد میں کنکشن کی چیکنگ

میٹر سے آگے براہ راست وائرنگ کے ذریعے بجلی استعمال کرنے کا انکشاف

حیدرآباد (رپورٹ: غلام حسین) حیسکو سرکل ون میں بجلی چوری کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ای سرکل حیدرآباد عقیل تورسیمن کی نگرانی میں ایکسین قاسم آباد ظفر سولنگی اور ایس ڈی او شیراز کالونی آفتاب ڈہلی نے عملے کے ہمراہ چیکنگ کے دوران ایک صارف کا کنکشن بجلی چوری میں ملوث پکڑ لیا۔ حیسکو کی جانب سے جاری کردہ ڈیٹیکشن بل کے مطابق صارف ارشاد احمد قریشی ولد اے خالق، مکان نمبر 01 لنک جنی پاسنگ اسکیم، ڈبل کالونی ایسٹ قاسم آباد کے کنکشن کی چیکنگ کے دوران میٹر سے آگے براہ راست وائرنگ کے ذریعے بجلی استعمال کرنے کا انکشاف ہوا۔ کارروائی کے دوران 6300 یونٹس کا فرق سامنے آنے پر صارف کو 37 لاکھ 20 ہزار روپے کا ڈیٹیکشن بل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

صومالی قزاقوں کے حملے میں 3 پاکستانیوں کی شہادت پر اظہار افسوس

پاکستانی شہریوں کو پانچ ماہ تک قید رکھنے کے معاملے میں غفلت کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے

پانچ ماہ سے مغوی پاکستانیوں کی رہائی کیلئے مؤثر اقدامات نہ کرنا افسوسناک ہے، صدر پی ٹی آئی سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے صومالیہ میں بحری جہاز آنر 25 پر قزاقوں کے حملے کے نتیجے میں 3 پاکستانی شہریوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے سیکنڈ آفیسر کاشف عمر، تھرڈ انجینئر محمود انصاری اور آسکر رفیع اللہ خان کی شہادت پر انتہائی رنج اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی شہریوں کی شہادت انتہائی افسوسناک سانحہ ہے، جس پر پوری قوم غمزدہ ہے۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ پانچ ماہ سے صومالیہ میں قید پاکستانی شہریوں کی بحفاظت رہائی کیلئے حکومت کی جانب سے مؤثر اقدامات نہ اٹھانا افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ مغوی شہریوں کے اہل خانہ مسلسل احتجاج کرتے رہے، تاہم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

کراچی چیمبر اور فرینڈز آف پاکستان یو ایس اے کے درمیان یادداشت پر دستخط

ایم او یو پاکستانی کاروباری اداروں کے لیے امریکی مارکیٹ میں نئے مواقع کے دروازے کھولے گا، ریحان حنیف

اس اقدام کے تحت اعلیٰ سطحی تجارتی وفود، کاروباری فورمز، نمائشوں اور خصوصی بیٹ ورکنگ سیشنز کا انعقاد کیا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) اور فرینڈز آف پاکستان (ایف او پی) یو ایس اے / پاکستان ٹریڈ ایڈوائزری کے درمیان پاکستان اور امریکا کے مابین تجارت، کاروباری سرگرمیوں اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے باہمی تعاون کا ایک جامع فریم ورک قائم کرنے کی غرض سے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر باضابطہ طور پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر کے سی سی آئی کے صدر محمد ریحان حنیف اور فرینڈز آف پاکستان یو ایس اے کے صدر جمال خواجہ نے دستخط کیے۔ اس موقع پر سابق صدر کے سی سی آئی و چیئرمین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

مزار قائد کے پوڈیم تک عوامی رسائی کی پابندی ختم کرنے پر غور

عام افراد کے داخلے کو منظم کرانے کیلئے ڈپٹی کمشنر شرقی کی سربراہی میں کمیٹی قائم، 2 ہفتوں میں رپورٹ طلب

مزار کے داخلی دروازوں پر سیکیورٹی مزید مؤثر بنائی جائے اور داچ ٹاورز کو فعال رکھا جائے' کمشنر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار کے پوڈیم تک عام افراد کی رسائی کی پابندی ختم کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مزار قائد پر عام افراد کے داخلے کو منظم کیا جائے گا، جبکہ سیکیورٹی قائم کمیٹی برائے قومی ورثہ کی ڈپٹی کمیٹی کی ہدایت کی روشنی میں عوام کو مزار کے پوڈیم تک جانے کی اجازت دینے کی تجویز کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ اس مقصد کیلئے ڈپٹی کمشنر شرقی نصراللہ عباسی کی سربراہی میں جائزہ کمیٹی قائم کر دی گئی جس میں ایس ایس پی شرقی زبیر نذیر شیخ، پاکستان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

کتاب 'دربرگ لالہ وگل' کی تقریب رونمائی 21 اکتوبر کو ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محبان بھوپال کے زیر اہتمام اردو لغت بورڈ کے تعاون سے ڈاکٹر افضل رضوی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

ارشد خان جدون پر قاتلانہ حملے کی مذمت

وزیراعظم حملے کا نوٹس لیں، ملوث عناصر کو گرفتار کرنے کے احکامات دیے جائیں

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ قانون کی بالادستی کی سیاست کی ہے' مسلم لیگ ن لائرز فورم سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لائرز فورم سندھ کے رہنماؤں نے مسلم لیگ (ن) لائرز فورم کے مرکزی سیکریٹری جنرل اور چیئرمین پریس کونسل آف پاکستان ارشد خان جدون پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے واقعے کا نوٹس لینے اور ملوث افراد کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) لائرز فورم سندھ کے نائب صدر اور سابق ترجمان کراچی بار و ضلع وسطی کے صدر محمد اسلم خٹک ایڈووکیٹ، ایڈیشنل جنرل سیکریٹری سندھ غلام مصطفیٰ ایڈووکیٹ، نائب صدر سندھ ولادر خان جدون، نائب صدر کراچی قاضی زاہد حسین، جوائنٹ سیکریٹری امجد آصف ایڈووکیٹ، دانش چیمہ اور سینئر فوٹو جرنلسٹ لئیق عالم نواب نے مشترکہ بیان میں کہا کہ ارشد خان جدون پر حملہ قابل مذمت ہے۔

دو روز کمی کے بعد سونے کی قیمت میں پھر بڑا اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں دو روز کمی کے بعد سونے کی قیمت میں ایک بار پھر بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن کا قومی سطح پر سیاحت کے فروغ کا اعلان

پہاڑی علاقوں، ثقافتی ورثے، ساحلی مقامات اور مذہبی و ماحولیاتی سیاحت کو اجاگر کیا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد انور قریشی کے انتخاب کے بعد ایسوسی ایشن نے پاکستان کو عالمی سیاحتی مقام کے طور پر متعارف کرانے کیلئے قومی سطح پر سیاحت کے فروغ کا اقدام شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ ایسوسی ایشن کے مطابق وفاقی و صوبائی سیاحتی اداروں، سیاحتی بورڈز اور نجی شعبے کے تعاون سے پاکستان کے پہاڑی علاقوں،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21



وزیر محنت و افرادی قوت سندھ سعید غنی سیلانی زیتون اشرف آئی ٹی پارک کے دورے کے موقع پر طلبہ سے خطاب کر رہے ہیں



پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن کے نو منتخب چیئرمین انور قریشی، فاروق جاوید، شیخ آصف سعید، عبدالرزاق، شیخ عمر ریحان، عاطف اکرام شیخ، خالد اسلام، شعیب خان، کائنات رضا و دیگر کا گروپ فوٹو